VOL 6 - ISSUE 62 SEPTEMBER 2014

MASALA TV FOOD MAG

RECIPES IN ENGLISH & URDU

HUM مصالحہ

Regd. No. SC-1333

Rs.120

PDFBOOKSFREE.PK

مصالحہ کے شیفس کے کھانوں کی مزیدار تراکیب، دلچسپ مضامین، ٹپس اور ٹوٹکوں کا مجموعہ




BROCHE
BROCHE
BROCHE
FASHION
Parfum Cologne Spray
BROCHE
Parfum Cologne Spray
NO. 51
BROCHE
Parfum Cologne Talc
NO. 51
BROCHE
CLASSIC
BROCHE
BROCHE
BLACK
BROCHE
MAGIC
خوشبو ایسی کے موڈ بدل دے۔۔۔
E-mail: cosmetics@swiss-miss.org
Web: cosmeticsworld.com.pk



Foods around the WORLD

شینا لائبریری
دوکان نمبر 57 پنیاں چوک صدر بازار
ہری پور ۔ فون: 0300-9837710



Join our Facebook page for more excitement.

Kausar

BANASPATI & CANOLA OIL

کچھ خاص ہمارے کھانے میں

Pakistan Standards

Facebook.com/KausarCookingOils

info@kausar.com.pk

Every time you purchase our products **Kausar** will donate Rs. 1 per kg/ltr to Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre.

djuice PRESENTS

Furniture Partner:
CONTRADICTIONS

Refresh by:
Coca-Cola

LIFE. LOVE. LAUGHTER.


TONITE WITH HSY



STARTING: 13th SEP. 2014
EVERY SATURDAY AT 09:00 PM
ONLY ON HUM SITARAY

/humsitaray /humsitaray www.humsitaray.tv

HUM NETWORK


HUM
SITARAY

Rafhan Birthday surprise

Carnival Themed Berrylicious Trifle

Ingredients:

- 1 pack Rafhan Strawberry Jelly
- 4 cups Rafhan Vanilla Custard
- Chocolate cake cut into slices
- 1 cup whipped cream
- 500g sliced Strawberries
- 200g Raspberries
- 200g Blackberries
- Mint leaves for garnish

Preparation:

1. Set the Rafhan Strawberry Jelly into a dish.
2. Layer the base of your chosen serving bowl with the chocolate cake slices.
3. Top the cake base with the freshly sliced strawberries, raspberries and blackberries.
4. Follow by topping Rafhan Vanilla Custard over the fruit.
5. Repeat the previous steps and set another layer of cake slices, topped with the fruit and Rafhan Custard.
6. Finally layer the custard with the remaining Rafhan Strawberry Jelly by mashing it.
7. Decorate with whipped cream and chill for 3 hours.
8. Garnish with mint leaves and serve.

Now you can create these magical desserts at home, simply log on to
/RafhanDesserts or SMS Recipe to 8398 to get your hands on your favourite recipe.

Rafhan se Birthday magical ho

For trade inquiries: the@cyber.net.pk 0333-2409481
For feedback & recipes: Join us on Facebook

Italiano®

Give Better Taste To Your Home

Baking...



Italiano Baking Range

- Brownie Mix (Traditional Chocolate Fudge)
- Brownie Mix (Dark Chocolate Fudge)
- Cake Mix (Moist Super)
- Pound Cake Mix
- Marble Cake Mix

شفیعا لائبریری
دوکان نمبر 57، پنجاب چوک سیالکوٹ
فون نمبر 0300-9837710





Product Range

Cake Mix, Brownie Mix
Cocoa Powder
Tempura Flour
Self Raising Flour
Cooking Chocolate

REPCOM

Happilac
PAINTS

کیونکہ خوشیوں کے رنگ دیواروں کے رنگ سے زیادہ قیمتی ہوتے ہیں



COLORS OF HAPPINESS

www.happilacpaints.com www.facebook.com/happilacpaints

MENU®

Ready to Cook

Nuggets Bun Gae

Chuggets®

Chicken Cheese Nuggets

Rs. 25 OFF Per Pack



JOIN US AT
www.facebook.com/seasonsfoods

HACCP BUREAU VERITAS

Halal

Available at all Major Retail Stores and Company Maintained Outlets

MENU apna apna...

www.menu.com.pk | comments@seasonsfoods.com.pk

Phool

Biryani Masala

Enjoy the Original Delicacy!




A.R. FOODS (PVT) LTD.
32-33 Industrial Triangle Estate, Kahuta Road, Humak, Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 51 4490471-4 (4 Lines) Fax: +92 51 4491117
e-mail: arf@arfoods.com.pk www.arfoods.com.pk

/Phool.pk

SHOP ONLINE
http://arfoods.com.pk

FOR RECIPES
Type <Phool>
send SMS to 8227


BUNNY'S®
Quality is our
Major Ingredient!


REE BREWERY
LEMON
MALT

Estd. 1860

MURREE BREWERY

ISO 9001, 14001, HACCP & OHSAS
Certified Company

Every Sip... Extra Pleasure!

Murree Brewery Malts



/MurrreeBrewery | www.murreebrewery.com

BAKE PARLOR
سب ہی کھاتے ہیں

دی ہوم ریسٹورنٹ

Issue No. 1

20 Recipes to delight your taste buds

اچاری میکرونی



۱۔ بیک پارلر میکرونی کو نمک ملے اُبلتے پانی میں پانچ سے سات منٹ تک اتنا اُبالیں کہ اس میں ایک کپ رہ جائے۔ چھلنی سے گرم پانی گرا کر ٹھنڈا پانی گزار دیں اور ایک کھانے کا چمچہ تیل ملا کر ایک طرف رکھ دیں۔

۲۔ ایک فرائی پین میں باقی تیل ڈال کر گرم کریں پھر اس میں پیاز، لہسن اور ادرک ایک ساتھ ڈال کر ایک منٹ تک فرائی کریں۔

۳۔ اب اس میں چکن اور اچاری مصالحہ کا ساشے ڈال دیں اور مزید ایک منٹ تک فرائی کریں۔ اسکے بعد اس میں ایک کپ پانی ڈال کر اُبال آنے تک پکائیں۔ اسکے بعد مزید 5 منٹ تک پکائیں۔

۴۔ اب اس میں دہی اور ہری مرچ ڈال کر 5 منٹ تک تیز آنچ پر پکائیں۔ اسکے بعد اس کو اتار کر گرما گرم پاستا کے ساتھ پیش کریں۔

نوٹ: بکرے کے گوشت کے ساتھ 3 کپ پانی ڈال کر 40 منٹ تک یا گوشت کے گلنے تک پکائیں۔ (اسٹیپ نمبر 3)

شاپنگ لسٹ

☐ بیک پارلر میکرونی	300 گرام
☐ پیاز کٹی ہوئی	01 عدد
☐ لہسن پسا ہوا	01 کھانے کا چمچہ
☐ ادرک پسا ہوا	01 کھانے کا چمچہ
☐ دہی	01 کپ
☐ ہری مرچ	02 کھانے کے چمچے
☐ کڑاہی مسالا	50 گرام
☐ ہری مرچ کٹی ہوئی	04 عدد
☐ تیل	01 کھانے کا چمچہ
☐ نمک بقدر ضرورت	01 چٹکی

کتنا پاستا پکائیں؟

آپ کا سوال

اگر آپ پاستا میں مال مسالہ بھی کم یا زیادہ ڈالنا چاہتے ہیں تو ہر فرد کے لئے 4 اونس (تقریباً آدھا کپ) خشک پاستا کا استعمال کریں۔

اپنے پاستا سے متعلق سوالات consumers@bakeparlor.com پر بھیجیں۔

موسم کے مزے

موسم گرما کا سب سے انمول تحفہ آم۔ پھلوں کا بادشاہ، یہ بہترین وٹامن اور منرلز کا خزانہ بھی ہے۔ پیش ہے موسم کے اس پھل کا مزہ اڑانے کی ایک نئی ترکیب۔

چکن اور پاستا کریمی مینگو ساس کے ساتھ۔ ایک بڑے برتن میں نمک ملا پانی اُبال کر ایک کپ پینی پاستا اُبال لیں۔ آدھا کپ اُبلی ہوئی چکن فرائی پین میں تھوڑے سے آئل میں لیں، ایک لہسن، ایک ہری پیاز اور ایک آم کو فرائی پین میں مکس کریں۔ 5 منٹ پکا کر اُبلا ہوا پاستا اور پاؤ کپ بالائی ملائیں۔

ٹھنڈا ہونے کے بعد برائے سائڈ لائن پیش کریں۔





MASALA
TV FOOD MAG

HUM
مصالحہ
Volume 6 - Issue 62 September 2014

Content



39 > Masala Mornings
مصالحہ مارننگز

45 > Chaska Pakanay Ka
چسکا پکانے کا

53 > Tarka
تڑکا

59 > Food Diaries
فوڈ ڈائریز

65 > Chef At Home
شیف ایٹ ہوم

17 > Editorial
اداریہ

19 > City News
"پاکستان کا ذوق" پاکستانی کھانوں کا مزہ

25 > Heath and Science
صحت وسائنس

27 > Handi
ہانڈی

33 > Live@9
لائیو ایٹ نائن

71 > Lively Weekends
لائیولی ویک اینڈز

Adam's®

For Healthy Life!

Enjoy the real taste of Adam's products on this Eid-ul-Azha



info@adams.pk

Office: Quaid-e-Azam Industrial Estate, Kot Lakh Pat, Lahore. **Phone:** 04235117104-06



محترم قارئین

السلام وعلیکم!

رمضان المبارک میں کھانے پینے سے احتیاط کا سلسلہ بند ہتا ہے لیکن جیسے ہی شوال کا چاند نظر آتا ہے' ویسے ہی گھر کے باورچی خانے انواع واقسام کے کھانوں سے مہک اُٹھتے ہیں۔ عید کے بعد شادیوں کا موسم شروع ہو جاتا ہے جس میں رہی سہی کسر بھی پوری ہو جاتی ہے۔ شادیوں میں دل بھر کے مرغن کھانے پکائے اور کھلائے جاتے ہیں جو رمضان المبارک میں بتدریج بہتر ہونے والے جسمانی نظام کی خرابی کا باعث بن جاتے ہیں۔ شادیوں میں مرغن کھانے' طرح طرح کے میٹھے اور تیزابی مشروبات انتہائی تاخیر سے پیش کیے جاتے ہیں۔ لوگوں کے پاس' خصوصاً سندھ میں کھانا کھانے کے بعد اسے ہضم کرنے کا وقت نہیں ہوتا' کیوں کہ شادیاں اب بھی دیر تک چلتی ہیں اس لئے مہمان گھر جا کر سو جاتے ہیں جو کسی بھی طرح صحت کے لئے مفید نہیں ہے' جب کہ پنجاب میں منعقدہ شادی کی تقریبات میں جلد کھانا پیش کئے جانے کا قانون ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو گھر جا کر مرغن کھانوں کو ہضم کرنے کا وقت مل جاتا ہے۔ کراچی سمیت دیگر شہروں میں بھی جہاں شادیوں کی تقریبات تاخیر کا شکار ہیں' اس اچھی روایت کو قائم کیا جانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

یہ امر واقعی ہے کہ ہمارا سست پڑتا طرز زندگی بے شمار بیماریوں کی جڑ ہے جو دل سمیت مختلف امراض کے اضافے کا سبب ہے۔ دل کے مریضوں کی تعداد میں اضافے نے عالمی برادری کو تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے' اسی وجہ سے ہر سال ستمبر کے آخری اتوار کو عالمی یوم قلب سے منسوب کرتے ہوئے اس حوالے سے آگاہی کے خصوصی پروگرام مرتب کرائے جاتے ہیں تاکہ لوگ اس موذی مرض سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کر سکیں۔ ماہرین کے مطابق سال گزشتہ کے دوران دنیا بھر میں ایک کروڑ 73 لاکھ افراد امراض قلب کی وجہ سے موت کے منہ میں چلے گئے اور اگر یہی صورت حال رہی تو اگلے 15 سالوں میں دل کی بیماریوں سے مرنے والوں کی تعداد سالانہ 2 کروڑ تک پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ پاکستان میں بھی بلاتفریق عمر امراض قلب کی شکایت کی شرح تشویشناک حد تک تیزی سے بڑھ رہی ہے' ماہرین کے مطابق اس کا فوری سدباب انتہائی ضروری ہے۔

دل کی بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لئے ایک جانب طرز زندگی کو بہتر بنانے اور دوسری جانب خوراک کو متوازن کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی غذا میں پھل' سبزیاں اور تازہ جوس شامل کریں' جلد سونے' صبح سویرے اُٹھنے اور ورزش کو معمول بنائیں۔ یاد رکھئے کہ تھوڑی سی احتیاط اور توازن زندگی کو بڑے مسائل سے بچانے کا سبب بن سکتی ہے۔

شہناز رمزی

چیف ایڈیٹر۔ سلطانہ صدیقی' ایڈیٹر۔ شہناز رمزی' جائنٹ ایڈیٹر۔ شازیہ انوار
ایڈیٹوریل اسسٹنٹ۔ نصر خان' اسسٹنٹ ایڈیٹر۔ معاذ احمد
سینئر ویڈیو ایڈیٹر۔ سید نبیل احمد' ڈیزائنر۔ یوسف رضوی' مکاسی۔ حارث عثمانی' احسن قریشی' ایڈورٹائزنگ منیجر۔ منور حسین بھٹی munawar.h@masalatv.tv ~ فون 03333222353
ڈسٹری بیوٹر۔ رہبر نیوز ایجنسی 0333 216 8390 پرنٹر۔ یونی پرنٹ
ہم نیٹ ورک لمیٹڈ۔ 10/11 حسن مل کمپاؤنڈ' لطیف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 74000 پاکستان ہیلپ لائن 111-486-111 (کراچی) فیکس 92-21-32628840
خریداری کے لئے: آن لائن خریداری کے لئے: http://www.masala.tv/masalamag/ shanaz.ramzi@hum.tv

simply SUFI

- No Preservatives
- Premium Recipe
- More Chicken
- Quality Ingredients


ISO

حلال

Premium

SHAMI KABAB

شامی کباب



Also available



Available at all leading stores nationwide

add NEW FLAVOURS to life

www.simplysufi.com



''پاکستان کا ذوق'' پاکستانی کھانوں کا مزہ

مون پک ہوٹل میں جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی ہفتے کا اہتمام

شازیہ انوار

مون پک ہوٹل نے پاکستان کے قومی دن کے حوالے سے گزشتہ دنوں اپنے پاکستانی ریستوران میں ''پاکستان کا ذوق (Tastes of Pakistan)'' کے عنوان سے ایک ہفتے کا اہتمام کیا جس کا مقصد پاکستان کے مختلف صوبوں کی ثقافتوں کو اُجاگر کرنا تھا۔

اس حوالے سے منعقدہ ہفتہ 8 سے 14 اگست پر مشتمل تھا۔ اس دوران مون پک آنے والے صارفین کے لئے خصوصی رات کے کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس دسترخوان میں ملائی بیخ' مرغی کی تکا' چلی کباب (خیبر پختونخواہ)' بھینگا مصالحہ (سندھ)' کڑاہی (پنجاب)' روغن جوش (بلوچستان)' دہی والی مرغی کی کڑاہی (پنجاب)' بکرے کے پائے (پنجاب)' حلیم (سندھ)' کباب' پکوڑے' مچھلی' بلوچی بھنڈی' لاہوری فالودہ' کھجور' امرود اور آم کا حلوہ' نان' شیرمال' روغنیاں' سکھچین' لال شربت' لسی' مختلف النوع سلاد اور اچار سمیت بے شمار پکوان شامل تھے۔

ہفتے کا باقاعدہ آغاز ایک پروقار تقریب سے کیا گیا' جس کا افتتاح جنرل منیجر مون پک ہوٹل مرزا منصور احمد نے کیا۔ اس موقع پر صحافیوں اور معززین شہر کو مدعو کیا گیا تھا۔ منعقدہ ہفتے کے انعقاد کے سلسلے میں ریستوران کو روایتی انداز میں سجایا گیا جب کہ ویٹرز نے مختلف صوبوں کے مقامی ملبوسات زیب تن کر کے ماحول کو ثقافت سے قریب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ایک جانب مقامی موسیقی کا بندوبست بھی جاری تھا۔

اس موقع پر مون پک ہوٹل کے ایگزیکٹو اسسٹنٹ منیجر فوڈ اینڈ بیوریج محمد عثمان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ''لوگ کلچر پاکستان کے مختلف صوبوں کے روایتی کھانوں کو روایتی انداز میں پیش کرتے ہیں۔'' پاکستان کا ذوق (Tastes of Pakistan)'' کے عنوان سے منائے جانے والے ہفتے میں ہم نے ریستوران کی تزئین و آرائش کو مقامی رنگ میں پیش کیا ہے۔ استقبالیہ کو ایک جھونپڑی کی صورت دی گئی ہے جہاں پر رکھی گئی پیسٹری' جوک' حقہ' روایتی کرسیاں دیکھنے والوں کی توجہ اپنی جانب مرکوز کر رہی ہیں۔ اس موقع پر ہم نے پاکستان کے مختلف صوبوں کے پکوان پیش کرنے کے ساتھ ساتھ حقہ اور پان کا بھی اہتمام کیا ہے جو منظر میں حقیقی رنگ بھرنے میں معاون ہیں۔

''مصالحہ'' سے بات چیت کرتے ہوئے جنرل منیجر مون پک ہوٹل منصور احمد نے کہا ''مون پک نے اس ہفتے کو آزادی کی تقریبات سے منسلک کرتے ہوئے اپنے لوگوں کے لئے فخریہ طور پر پیش کیا ہے۔ پاکستانی کھانے ہر انداز سے بہترین ہیں اور مجھے اس بات کا یقین ہے کہ کوئی بھی پاکستانی اپنے کھانوں سے کنارہ کش نہیں ہو سکتا۔ ہمارے کھانے ہماری متنوع ثقافت اور ورثے کے عکاس ہیں۔ کیوں کہ مون پک ہوٹل میں غیر ملکی صارفین کی بڑی تعداد قیام پذیر رہتی ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس ہفتے کا انعقاد مقامی صارفین کے ساتھ ساتھ ہمارے غیر ملکی صارفین کے لئے ایک خوشگوار تجربہ رہا ہے۔''

مرزا منصور احمد نے مزید کہا ''ہماری پوری توجہ اپنے صارفین کو گھریلو ذائقے فراہم کرنے کی جانب مرکوز رہتی ہے۔ ہم اپنے مہمانوں کو تازہ کھانے فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے ایگزیکٹو شیف کھانوں کی تراکیب میں جدت پیدا کر کے مہمانوں کی داد سمیٹتے ہیں۔ مون پک میں کئے جانے والے تجربات مہمانوں کی پسندیدگی کی سند حاصل کرتے ہیں جس پر ہم نازاں ہیں۔'' انہوں نے بتایا کہ وہ آنے والے دنوں میں بھی اپنے صارفین کے لئے مزید اور دلچسپ چیزیں پیش کرنے کی منصوبہ کر رہے ہیں۔ ■

200 YEARS



آپ کی ڈیلی لائف میں جس کا ہے ایک اہم رول ...

وہ ہے

ہاشمی

اسپغول بھوسی





Mohammad Hashim Tajir Surma

E-mail: a.hashmi@cyber.net.pk Web: www.hashmisurma.com

All logos and typography of **Hashmi** are internationally registered trademarks & ©Copyright protected.

SINCE 1794

ISO 9001 : 2008 CERTIFIED COMPANY



ناشتہ، صحت کے لئے نہایت ضروری

ناشتہ کرنے والے بچے چست ہوتے ہیں، ناشتہ نہ کرنے والوں کا وزن نسبتاً تیزی سے بڑھتا ہے

کھانے کی طرح ناشتے کے حوالے سے بھی یہ سوال نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ آج کیا کھایا جائے؟ دیکھا یہ گیا ہے کہ ناشتے کی میز عام طور پر مخصوص پکوانوں سے ہی سجائی جاتی ہے۔ جو لوگ ڈبل روٹی اور چائے سے ناشتہ کرتے ہیں وہ برس ہا برس سے یہی ناشتہ کرتے ہیں، جنہیں ناشتے میں پراٹھوں اور انڈوں کی عادت ہوتی ہے وہ اس کے بغیر نہیں رہ سکتے۔ بہت سے لوگ ناشتے میں صرف ایک پیالی چائے اور کچھ صرف دودھ لیتے ہیں جب کہ جدید سائنس صبح کے ناشتے کو صحت کے لئے انتہائی اہم قرار دیتے ہیں۔

طبی ماہرین کے مطابق ناشتہ نہ کرنے والوں میں دل کے امراض پیدا ہونے کا خطرہ 27 فیصد بڑھ جاتا ہے۔ صحت مند دل کے لئے ناشتہ ضروری ہے۔ تحقیق کہتی ہے کہ ناشتہ نہ کرنا جسم کو اضافی دباؤ میں مبتلا کر دیتا ہے۔ ناشتہ نہ کرنے والوں میں کولیسٹرول کی سطح بڑھ جاتی ہے اور ایسے افراد میں انسولین کے استعمال کے لئے حساسیت بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔

ناشتے کی اہمیت زیادہ اس لئے ہے کہ صبح کے وقت ہمارا نظام انہضام بہتر چلتا ہے اور کھائی جانے والی ہر چیز اچھی طرح ہضم ہو کر ہمیں پورے دن کی ضرورت کے مطابق توانائی فراہم کرتی ہے۔

سوال یہ ہے کہ صبح ناشتہ میں کیا ہونا چاہئے؟


ناشتے میں مختلف چیزوں کا استعمال کیا جا سکتا ہے، بہتر یہ ہے کہ صبح کے ناشتے میں متوازن خوراک لی جائے تاکہ دن کی شروعات اچھی ہو، جسم چست رہے اور روزمرہ کے کام بہتر انداز سے کئے جا سکیں۔ طبی ماہرین کے مطابق ناشتے میں پھلوں کا استعمال ضروری ہے۔ کوئی بھی موسمی پھل جیسے ایک سیب، آرڑو، آلو بخارے، امرود اور کیلا لیا جا سکتا ہے۔ ماہرین پھلوں کے جوس پر پھلوں کو فوقیت دیتے ہیں کیوں کہ پھلوں میں غذائی ریشے زیادہ اور حرارے کم ہوتے ہیں جو ہاضمے کے لئے بہترین ہیں۔ پھلوں کے علاوہ انڈے بھی ناشتے کو بہترین بناتے ہیں، تاہم اگر تلے ہوئے انڈے کھانے ہوں تو انہیں زیتون یا سرسوں کے تیل میں پکانا زیادہ مناسب ہے۔

ناشتے میں دلیے میں تین سے چار مرتبہ گندم یا جو کا دلیہ بھی استعمال کرنا چاہئے۔ اس میں موجود لحمیات اور غذائی ریشے ہاضمے کو بہتر کرتے ہیں۔ دلیہ ذیابیطس کے مریضوں کے لئے بھی بہت مفید ہے کیوں کہ یہ ذیابیطس کی شرح میں کمی کا باعث بنتا ہے۔ ناشتے میں کم چکنائی والا دودھ، گڑ یا شکر کا استعمال بھی کریں۔ گرمیوں میں لسی جب کہ سردیوں میں شہد ملا گرم دودھ بہترین ہے۔

ایک جدید تحقیق ثابت کرتی ہے کہ جو بچے صبح کا ناشتہ کرتے ہیں وہ امتحانوں میں بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں، پڑھائی میں نسبتاً زیادہ ہوشیار ہونے کے ساتھ جسمانی اور ذہنی کارکردگی میں بھی بہتر ہوتے ہیں، جب کہ ناشتہ نہ کرنے والے بچوں کو اسکول میں نیند آتی ہے، کلاس میں دھیان نہیں ہوتا، کھیل میں چست نہیں ہوتے اور خود کو پورا دن سست محسوس کرتے ہیں۔

وزن بڑھنے کے خدشے سے ناشتہ نہ کرنے والوں کے لئے ایک ضروری اطلاع یہ ہے کہ اگر وہ ناشتہ نہیں کریں گے تو ان کا وزن بڑھے ہوگا۔ جدید تحقیق ثابت کرتی ہے کہ صبح تمام ضروری غذائی اجزاء پر مشتمل ناشتہ کرنے والے پورا دن اضافی چیزیں نہیں کھاتے جو ان کے وزن میں کمی کا سبب بنتا ہے۔ ■

روحانی مسیحا



معروف روحانی اسکالر ایس۔ این۔ قادری

ستاروں کی گردش ہو یا حاسدوں کی بندش

آپ کے مسائل کا قرآنی، اسلامی اور روحانی حل پیش کرتے ہیں

مشورے اور استخارے کا کوئی ہدیہ نہیں ہے۔ آپ کے مسائل سینہ راز میں رکھے جاتے ہیں نام آپ کی اجازت کے بغیر قطعی شائع نہیں کیے جاتے، مکمل بھروسے کے ساتھ رجوع کریں۔

رضوانہ (صادق آباد)

قادری الکل! میں آپ کی بے حد احسان مند ہوں آپ کی وجہ سے میرا انتہائی مشکل اور ناممکن مسئلہ حل ہو گیا ہے میں الجھا رہتا سے پریشان تھی مگر ہماری ذات اور مسلک مختلف ہونے کی وجہ سے ہمارے گھر والے کسی طور ہماری شادی پر راضی نہیں تھے میں نے آپ سے لوح اتاج منگوا کر وظیفہ پڑھا تھا آپ کی دعا سے دونوں خاندانوں کی باہم رضامندی سے اس عید پر ہماری شادی ہو گئی ہے ہم بہت خوش ہیں اور دن رات آپ کی صحت و لمبی اور سلامتی کے لئے دعا کرتے ہیں آپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھئے گا۔

جواب: حقی رہو اللہ پاک آپ کی جوڑی کو سلامت رکھے سدا شاد آباد رہو میری دعائیں آپ کے ساتھ ہے۔

عزالنساء (امریکہ)

اسلام علیکم! قادری بھائی یہ خط صرف آپکا شکریہ ادا کرنے کے لئے لکھ رہی ہوں میں کئی سالوں سے اپنی بیٹی کی شادی کے لئے بے حد پریشان تھی اچھے لیک اور اچھے رشتے ملا کیاں پر بہت بدنصیب ہے ان رشتے پر پریشان رہتی تھی بیٹی کی عمر بھی تھی جارہی تھی اللہ سے شادی کرانا چاہتی تھی کہ یہاں لڑکوں پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا وہ اپنے مقصد کے لئے شادی کرتا ہیں اور مقصد پورا ہوتے ہی وہ اچانک غائب ہو جاتے ہے اسی پریشانی میں آپ کے موبائل نمبر پر آپ سے رابطہ کر کے اپنی پریشانی بیان کی تو آپ نے پائے پوسٹ (By Post) میرے امریکہ کے پتے پر مجھے لوح اتاج بھیجی اور وظیفہ بھی پڑھنے کو دیا آپکی ہدایت کے مطابق وظیفہ مکمل کیا، وظیفہ مکمل ہونے کے تقریباً پہنچے ہفتے بعد ایک اچانک میل میں اچانک میری ایک بہت پرانی سہیلی سے ملاقات ہو گئی میری بیٹی بھی ساتھ تھی، اسی ملاقات کے بعد میں نے انہیں اپنے گھر آنے کی دعوت دی ایک ہفتے بعد وہ اپنے شوہر اور بیٹے کے ساتھ ہمارے گھر آئے اور اپنے بیٹے کے لئے میری بیٹی کا رشتہ مانگ لیا کیونکہ دونوں ایک دوسرے خاندان سے واقف تھے اس لئے ہم نے رشتہ طے کر دیا اور اسطرح چند مگنی اور عید کے بعد بیاہ ہو گیا قادری بھائی آپ واقعی سچا پیر ہیں یہ سب آپ کی کرامت ہے اللہ تعالیٰ آپکا سلامت رکھے

جواب: اللہ خوش رکھے! ہوا آپ کو بیٹی کی شادی مبارک ہو اجیروں خوشیاں نصیب ہو اللہ پاک تمام ماں باپ کو ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش فرمائے اور آپ کی بیٹی سمیت اور سب کی بیٹیوں کے نصیب اچھے ہوں (آمین)

بتول (کراچی)

قادری صاحب! میں نے کافی عرصے سے امریکہ جانے کے لئے اپنے شوہر اور دو بچوں کے ساتھ (Apply) اپلائی کیا ہوا تھا مگر کام بنتا نہیں تھا بات ہو چکی تھی اس مقصد کے لئے آپ سے رجوع کیا تو آپ نے بتایا کہ میرے سفر کی راہ میں رکاوٹیں ہیں ان رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے آپ نے مجھے لوح راہداری دی وظیفہ پڑھتے ہی واقعی راہ میں حائل رکاوٹیں ایک دم دور ہو گئیں کیونکہ عید کے بعد ہماری اسلام آباد سے انٹرویو کال (Call) آگئی تھی 13 اگست کو ہمارا انٹرویو تھا یہ وہ تاریخ تھی جب 14 اگست کی وجہ سے اسلام آباد جانے والے تمام پروازیں اور زمینی راستے بند ہو رہے تھے مگر میرے سفر کی راہ میں حائل رکاوٹیں تو آپکے وظیفے کی برکت سے ختم ہو چکی تھیں آپ کا وظیفہ پڑھتے ہوئے ہم اسلام آباد پہنچے اور انٹرویو دیا اور آپکی دعاؤں سے ہم سب کو ویزا (Visa) مل گیا یہ سب آپکی وجہ سے ممکن ہوا میں آپ کی بے حد ممنون ہوں اللہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے

جواب: حقی رہو اللہ پاک آپ کی زندگی میں آپکے اور آپکے بچوں کے لئے مزید آسانیاں فرمائیں اور زندگی کی راہ میں ہر رکاوٹ کو دور فرمائیں۔ (آمین)

سرفراز (اسلام آباد)

قادری صاحب! میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بہت عجیب ساتھا اللہ تعالیٰ نے ہمیں دنیا کی ہر نعمت سے نوازا ہوا ہے کسی چیز کی کمی نہیں ہے کی وجہ شوہر کی توجہ کی کمی ہے گھر میں آنے کے بعد کوئی بات چیت نہیں کرتے تھے نہ مجھ سے نہ بچوں سے گھر آنے فریش ہونے کھانا کھانا اور TV کے سامنے موبائل لیکر بیٹھ جاتے اور نہ جانے کن کن سے سرگوشیوں میں باتیں کرتے رہتے تھے اور جو پوچھا تو کہتے کہ دوستوں سے باتیں کر رہے ہیں قریب جانے کی کوشش کرو تو آفس کی گیلری میں چلے جاتے تھے پھر آدھی آدھی رات تک وہاں کھڑے ہو کر باتیں کرتے رہتے تھے استخارہ آگ لینے تو (Messages) کرتے رہتے تھے میں ان کی اس عادت سے بہت پریشان اور دکھی تھی آپکو (Call) کر کے اپنا دکھڑا سنایا تو آپ نے مجھے لوح قدس اور یا قوت (گیند) پر حالی کر کے انگوٹھی میں پہننے کو بھیجا اور وظیفہ بھی پڑھنے کو دیا جب سے میں نے آپکا پر حالی کیا ہوا (گیند) انگوٹھی میں پہنا ہے اور وظیفہ پڑھا ہے حیرت انگیز طور پر میرے شوہر کے رویے میں تبدیلی آگئی ہے میں یہ تو نہیں کہی سکتی کہ بالکل ٹھیک ہو گئے ہے لیکن 40% فیصد تک مثبت تبدیلی ہے اب گھر آنے کے بعد میرے اور بچوں کے ساتھ وقت گزارتے ہیں باہر گھمانے بھی لے جاتے ہیں اور جب بھی بچوں کی اسکول میں (Parent Meeting) ہوتی ہے میرے ساتھ لازمی جاتے ہے بچوں کے بارے میں سوال جواب کرتے ہیں بچوں کے مستقبل فکرمند رہتے ہیں میرے ساتھ بھی بہت Caring اور Loving ہو گئے ہیں اور یہ سب لوح قدس آپکے ایک چھوٹے سے پر حالی کی وجہ سے ہوا ہے اللہ تعالیٰ آپکے علم میں اضافہ فرمائے

جواب: اللہ خوش رکھے! اللہ پاک آپکی محنتوں میں اضافہ فرمائے آپکے گھر کو خوشیوں کا گہوارہ بنائے رکھے وظیفے کو ابھی جاری رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ مزید بہتری آئے گی۔

ساجدہ (صدائی)

قادری صاحب! میں نے آپ سے بیٹے کی شادی کے لئے لوح اتاج لیا تھا تاریخ کے مسئلے ہماری شادی پر راضی نہیں ہوتے تھے آپ کا وظیفہ پڑھنے سے اب راضی ہو گئے ہے ہماری منگنی بھی ہو گئی ہے 28 ستمبر بروز اتوار ہم شادی کی تاریخ رکھنا چاہ رہے ہیں کیا یہ تاریخ ہمارے لئے مبارک ہے تو ہم تاریخ پکی کر لیں اور مہربانی کر کے میرا حساب کتاب آپکے پاس ہے آپ ہو تاریخ بتائیں گے ہم وہ تاریخ لے کر لیں گے۔

جواب: حقی رہو! تاریخ تو ٹھیک ہے مگر آپکے اتاج کے لئے انوار کا دن نہیں ہے آپ حساب کتاب کے مطابق آپ کا کسی دن بھی رخصت ہے لہذا آپ اتاج کی تاریخ 25 ستمبر بروز جمعرات مقرر کریں انشاء اللہ یہ تاریخ اور دن مبارک ثابت ہوگا۔

عادل خان (ملتان)

قادری صاحب! میرا اچھا خاصا کاروبار ہے مگر کچھ عرصے سے کاروبار نقصان میں جا رہا تھا میں نے کاروبار میں برکت کیلئے آپ سے لوح قضا منگوائی تھی وظیفہ بھی ابھی پڑھ رہا ہوں الحمدللہ کاروبار بہت بہتر ہو گیا ہے آپ مبارک پتھر بھی پڑھائی کر کے دیتے ہے میرا مبارک پتھروں سے بھی تعلق ہیں میں وہ بھی منگوالوں گا۔

جواب: بچا آپ کا مبارک پتھر اول ہیرا اور دوم یاقوت جس طریقے سے آپ نے لوح منگوائی تھی اسی طریقے سے اپنا مبارک پتھر بھی حاصل کر سکتے ہیں

رشیدہ خاتون (لاہور)

قادری صاحب! میری بیٹی کے رشتے ہیں، کامیاب ہے مجھے اسکے لئے لوح اتاج چاہئے کیسے حاصل کر سکتی ہوں طریقہ بتائیں۔

جواب: اللہ خوش رکھے! ہمیں میرے مندرجہ ذیل موبائل نمبر پر کال (Call) کر کے منگوانے کا طریقہ معلوم کریں۔

مبارک پتھر

Lucky Stone



روحانی اسکالر ایس۔ این۔ قادری آپ کے کام اور نام کے مطابق آپ کے موافق پتھروں (نگینوں) پر آیات مقدسہ کی پڑھائی کر کے دیتے ہیں۔ اپنے نام اور کام کے مطابق اپنا مبارک پتھر حاصل کریں، انگوٹھی بنوا کر پہنیں، انشاءاللہ آپ کے بگڑے کام سنورتے چلے جائیں گے، دل و دماغ پر خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے، صحت و تندرستی حاصل ہوگی، لوگوں کے دلوں میں آپ کے لئے نرم گوشہ پیدا ہوگا اور آپ کی عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔

ایس۔ این۔ قادری

رضویہ مارکیٹ، 86، فرسٹ فلور، ناظم آباد چورنگی، کراچی۔ 74600

رابطے کیلئے موبائل: 0336-2297786, 0333-2105914, 0308-2543444

E-mails: qadrihelpline@yahoo.com
qadrihelpline@hotmail.com

E-mail کرتے وقت اپنے شہر کا نام لازمی لکھیں۔

رابطے کے اوقات صبح 10 سے شام 7 بجے تک۔

Paid Advertisement

عالمی یوم قلب

عالمی ادارہ صحت کے مطابق دل کے امراض سے ہر سال ایک کروڑ 70 لاکھ سے زائد افراد لقمۂ اجل بنتے ہیں

وقت کی جدیدیت نے دنیا بھر کے لوگوں کو جہاں زندگی سہل بنانے کے لئے انواع واقسام کی چیزیں مہیا کی ہیں وہاں نت نئی بیماریاں بھی منظر عام پر آئی ہیں جس میں مختلف طرح کے سرطان' ذیابیطس' بلند فشار خون اور دل کے امراض سرفہرست ہیں۔ دنیا بھر کے محققین اور طبی ماہرین ان بیماریوں کے سدباب کے لئے کوشاں ہیں اور دن رات تحقیقی عمل جاری ہے۔

عوام میں ان بیماریوں کے شعور کو بیدار کرنے کے لئے سال میں ایک دن مختلف بیماریوں کے نام سے منسوب کئے گئے ہیں جس میں عوام کو ان بیماریوں کے حوالے سے بطور خاص آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق 1980ء سے ہر سال ستمبر کے آخری اتوار کو دنیا بھر میں "عالمی یوم قلب" منایا جاتا ہے۔

عالمی ادارہ صحت کے مطابق دل کے امراض سے ہر سال ایک کروڑ 70 لاکھ سے زائد افراد لقمہ اجل بنتے ہیں۔ دنیا بھر کی طرح سے پاکستان میں بھی عوام تیزی سے اس مرض کا شکار ہو رہے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 40 سال سے کم عمر افراد میں دل کے امراض کی شرح یورپی ممالک کی نسبت 10 گنا زیادہ ہے۔ ماہرین اس کی وجہ مغرب کے مسترد شدہ طرز زندگی اپنانے کو قرار دے رہے ہیں۔ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں 40 سے 45 برس کی عمر کے لوگوں میں دل کا عارضہ لاحق ہوتا ہے۔ دو دہائی قبل دل کے امراض امیر لوگوں میں تصور کئے جاتے تھے مگر اب دل کا مرض سفید پوش اور غریب مریضوں میں زیادہ نظر آ رہا ہے۔ پاکستانی معاشرے میں تمباکو نوشی' بازاری کھانے اور ورزش سے گریز نظر آ رہا ہے۔

محققین کے مطابق کھانوں میں احتیاط دل کے امراض سے دور رکھ سکتی ہے۔ تحقیق دانوں نے ایک مطالعاتی جائزے کے نتائج سے اخذ کیا کہ خوراک میں زیادہ پھل اور سبزیاں شامل کر کے انسان بآسانی دل کے امراض کو دور رکھ سکتا ہے۔ اس تحقیق میں 8 لاکھ سے زائد ایسے افراد کا ڈیٹا اکٹھا کیا گیا جنہوں نے پھل اور سبزیوں کو اپنی خوراک کا لازمی جزو بنایا تھا۔ یہ تحقیق 4 برس سے 26 برس تک جاری رہی اور اس دوران 56 ہزار افراد کی موت واقع ہوئی۔ ماہرین کے مطابق پھلوں اور سبزیوں میں ایسے حیاتین' ریشے اور نباتات پائے جاتے ہیں جو انسان کے جسم میں خون کے دورانئے کو بہتر بناتے ہیں۔

امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں کی جانے والی تحقیق سے انکشاف ہوا ہے کہ روزانہ تربوز کی ایک قاش کھانے سے دل کی بیماریوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ تربوز میں موجود قدرتی اجزاء نہ صرف بلند فشار خون کی سطح برقرار رکھتے ہیں بلکہ دل کے دورے کے خلاف بھی موثر ڈھال کے طور پر کام کرتے ہیں۔

ہماری خوراک میں گوشت کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے جو دل کے امراض کا باعث بن رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق گوشت کے ساتھ پیاز کا استعمال بھی بڑھا دیا جائے تو دل کے امراض کے خطرے کو کم کیا جا سکتا ہے۔ امریکی ماہرین کی ایک تحقیق کے مطابق روزانہ 2 گلاس کینو کا جوس پینے سے دل کے امراض سے بچاؤ ممکن ہے۔ مالٹوں میں قدرتی طور پر پایا جانے والا ہیس پریڈن (hesperidin) نامی پلانٹ کیمیکل پایا جاتا ہے جو دل کے امراض سے محفوظ رکھنے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے' تو پھر پرہیز علاج سے بہتر ہے کو نصیحت جانتے ہوئے بازاری کھانوں اور تیز ابی مشروبات سے پرہیز کریں۔ اپنی غذا کو سادہ بنائیں' اس میں سبزیوں' پھلوں اور قدرتی مشروبات کی مقدار بڑھائیں۔ ■



HUM
SITARAY
بھنور
Starting: 18th Sep. 2014
Every Thursday at 8:00 p.m.
تحریر: رخسانہ نگار | ہدایات: سلیم گھانچی | پروڈکشن: ایوری ڈے پکچرز
اداکار: گوہر ممتاز، نیلم منیر اور انوشے عباسی
HUM NETWORK
/humsitaray /humsitaray www.humsitaray.tv

سائنس اور صحت

جدید سائنسی تحقیقات کے نتیجے میں سامنے آنے والی رپورٹ اور خبروں پر مشتمل سلسلہ



گاجر سرطان کے خلاف تریاق

ماہرین نے کئی سالوں کی تحقیق کے بعد اس بات کا دعویٰ کیا ہے کہ گاجر کا استعمال نہ صرف سرطان کی گٹھلیاں بننے کے عمل کو روکتا ہے بلکہ اس کا مسلسل استعمال سرطان کے موذی مرض پر قابو پانے میں بھی معاون ثابت ہوا ہے۔ زرعی تحقیقاتی ادارے کے ماہرین زراعت کی ایک ٹیم نے کئی سال تک سرطان زدہ چوہوں پر گاجر کے استعمال کی تحقیق کی تو یہ بات سامنے آئی کہ گاجر کا لگاتار استعمال سرطان کے موذی مرض کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرنے کی بہت زیادہ صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جن چوہوں پر تجربات کئے گئے تھے ان میں سے ہر تیسرا چوہا سرطان کے مرض میں بُری طرح مبتلا تھا۔ تاہم گاجر کے بتدریج استعمال سے ان کے مرض پر قابو پالیا گیا۔ گاجر کے جوس میں وٹامن اے کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہوتا ہے جو پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کے لئے مفید ہوتا ہے۔



ذہنی دباؤ سے نجات کے لئے کیلے کھائیں

کیلے میں تین طرح کی قدرتی شکر پائی جاتی ہے۔ سکروز، فروکٹوز اور گلوکوز جبکہ کیلے میں ریشے بھی موجود ہوتے ہیں ان ہی خوبیوں کی وجہ سے کیلوں کو فوری توانائی پہنچانے کا ایک اہم ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ 2 کیلے کھانے سے 90 منٹ کے لئے توانائی مل سکتی ہے یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے کھلاڑی کیلوں کو اپنی خوراک کا بڑا بنائے رکھتے ہیں۔ کیلے ذہنی دباؤ سے نمٹنے کی صلاحیت دیتے ہیں۔ ذہنی دباؤ کا شکار افراد کیلے کھا کر اس کیفیت سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس کی ایک وجہ کیلے میں پائے جانے والا کیمیات "ٹرائپٹوفین" ہے جو مزاج کو بہتر بناتا ہے علاوہ ازیں کیلے میں موجود فولاد کی وجہ سے جسم میں ہیموگلوبن زیادہ بنتا ہے اور نیند لانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔



مچھلی کا تیل دماغی سُستی دُور نہیں کرتا

جدید طبی تحقیق کے مطابق مچھلی کے تیل پر مشتمل کیپسول اور سیرپ بڑھاپے میں دماغ کی استعداد کو بڑھانے میں مددگار ثابت نہیں ہوتے۔ تحقیق میں 70 سے 80 سال کے بزرگوں پر 2 سال تک مچھلی کے تیل اور اس میں شامل اومیگا تھری اجزاء کو چیک کیا گیا جس میں 867 بزرگ تھے۔ ان بزرگوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے مچھلی کا تیل اور عام کھانے والا تیل استعمال کرایا گیا۔ 2 سال بعد معلوم ہوا کہ دونوں گروہوں میں شامل افراد کی استعداد کار میں کوئی اضافہ عمل میں نہیں آیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ہونے والی متعدد طبی تحقیقات میں اومیگا تھری جزو کو بڑھاپے میں دماغ کی سُستی کو بہتر کرنے کے لئے بہترین قرار دیا جا چکا ہے۔ ■


MITCHELL'S®

Tomato Paste

اصلی ٹماٹروں کا گاڑھا پیسٹ



Contains concentrate of 2.5kg fresh tomatoes



- مچلز ٹومیٹو پیسٹ 100 فیصد خالص ٹماٹروں کے گودے سے سٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پلانٹ پر تیار کی گئی ہے۔
- مچلز ٹماٹو پیسٹ بیج اور چھلکوں کے بغیر حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔
- گوشت ہو یا سبزی، پاستا ہو یا پیزا، مچلز ٹومیٹو پیسٹ کم وقت میں ہر ڈش کو مزیدار بناتی ہے۔
- ایک کھانے کی چمچ ٹومیٹو پیسٹ 3 درمیانے سائز کے ٹماٹروں کے برابر ہے۔



☑ No Preservatives ☑ No Artificial Flavours ☑ No Artificial Colours



Aloo Bhujia

Ingredients:

Potatoes	½ kg
Garlic (finely cut)	4
Cumin seeds	1 tsp
Long dried red chillies	8
Turmeric powder	½ tsp
Dried mango	4 pieces
Salt	to taste
Mustard oil	1 cup

Method:

- Heat oil in a wok and fry garlic golden; add potatoes and salt.
- Cook till half done.
- Add remaining ingredients and keep on dum. Serve.

آلو کی بھجیا

اجزاء:

آلو	½ کلو
لہسن (باریک کٹے ہوئے)	4 جوے
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
سوکھی لمبی لال مرچیں	8 عدد
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچہ
سوکھی ہوئی کھٹائی	4 عدد
نمک	حسب ذائقہ
سرسوں کا تیل	ایک پیالی

ترکیب:

کڑاہی میں سرسوں کا تیل گرم کر کے لہسن سنہری کریں' پھر آلو اور نمک ملا کر ہلکی آنچ پر آلوؤں کے ½ گل جانے تک پکائیں۔ اس میں باقی اجزا ڈالیں اور دم پر رکھ دیں۔



Daigi Pasanday

Ingredients:

Beef undercut	½ kg
Raw papaya paste	2 tbsp
Yogurt (whipped)	1 cup
Daigi red chillies	4
Vinegar	2 tbsp
Chickpeas (roasted)	2 tbsp
Peppercorns	6
Cumin seeds	1 tsp
Black cumin seeds	1 tsp
Tandoori masala, poppy seeds	1 tbsp each
Lemon juice	4 tbsp
Fresh mint	1 bunch
Onions (finely cut)	4
Green chillies	few
Salt	to taste
Oil	1 cup
Fresh coriander (finely cut)	for garnishing

Method:

- Pound undercut lightly with a mallet; marinate with papaya and salt.
- Mix vinegar and little water in red chillies; boil for a few minutes. Grind.
- Grind chickpeas, both cumin seeds, poppy seeds and peppercorns; add to undercut.
- Add tandoori masala, red chilli paste, yogurt, ½
- lemon juice and salt; set aside.
- Heat oil in a pot; fry onions. Remove ½ onions.
- Add undercut to remaining onions; cook with lid on till tender.
- Fry; add remaining lemon juice, mint and green chillies; keep on dum.
- Garnish with coriander; serve.

دیگی پسندے

اجزاء:

گائے کے پسندے	½ کلو
پسا ہوا کچا پپیتا	2 کھانے کے چمچے
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
دیگی لال مرچیں	4 عدد
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
چنے (بھنے ہوئے)	2 کھانے کے چمچے
ثابت کالی مرچیں	6 عدد
ثابت سفید زیرہ، ثابت کالا زیرہ	ایک ایک چائے کا چمچہ
تندوری مصالحہ، خشخاش	ایک ایک کھانے کا چمچہ
لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچے
پودینہ	ایک گڈی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
ہری مرچیں	چند عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

پسندوں کو کسی بھاری چیز کی مدد سے ہلکا سا کچل کر پپیتا اور نمک لگا دیں۔ دیگی مرچوں میں سرکہ اور تھوڑا سا پانی ملا کر چند منٹ تک اُبالیں اور نکال کر پیس لیں۔ چنے، کالا اور سفید زیرہ، خشخاش اور کالی مرچیں پیس کر پسندوں میں ملا دیں۔ اس میں تندوری مصالحہ، پسی ہوئی دیگی مرچ، دہی، ½ لیموں کا رس اور نمک ملا کر رکھ دیں۔ دیگچی میں تیل گرم کر کے پیاز تلیں اور اس میں سے ½ پیاز نکال دیں، باقی پیاز میں پسندے ملائیں اور ڈھکن ڈھانک کر پسندے گلنے تک پکائیں۔ پسندے بھونیں اور باقی لیموں کا رس، پودینہ اور ہری مرچیں ملا کر دم پر رکھ دیں۔ مزیدار پسندے ہرا دھنیا چھڑک کر دم پر رکھ دیں۔



Gram Lentils Mutton

Ingredients:

Mutton pieces	½ kg
Gram lentils (boiled)	1 cup
Onions (finely cut)	2
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Red chilli powder	1 tbsp
Hot spices powder	1 tsp
Cinnamon (roasted and powdered)	1 tsp
Lemon juice	1 tbsp
Water (hot)	4 cups
Salt	to taste
Oil	1 cup
Fresh mint, green chillies, lemon juice, ginger	for sprinkling

Method:

- Cook mutton with ½ water, onions, red chillies, turmeric, ginger/garlic and salt.
- When dry, add lentils and remaining water; cook till well-mixed.
- Add remaining ingredients; keep on dum.
- Sprinkle lemon juice, mint, chillies and ginger on top.
- Serve.

چنے کی دال گوشت

اجزاء:

بکرے کی بوٹیاں	½ کلو
چنے کی دال (اُبلی ہوئی)	ایک پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچ
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچ
بھنی اور پسی دار چینی	ایک چائے کا چمچ
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچ
گرم پانی	4 پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی
پودینہ، ہری مرچیں، لیموں کا رس، ادرک	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں بوٹیاں، ½ پانی، پیاز، لال مرچ، ہلدی، لہسن ادرک اور نمک ملا کر پکائیں۔ پانی خشک ہو جائے تو اس میں دال اور باقی پانی شامل کر کے دال اور گوشت یکجان ہونے تک پکائیں۔ اس میں باقی اجزاء ڈال کر دم پر رکھ دیں۔ مزید اروال گوشت پودینہ، ہری مرچیں، لیموں کا رس اور ادرک ڈال کر پیش کریں۔



Bhuna Gosht

Ingredients:

Beef pieces	1 kg
Yogurt (whipped)	1 cup
Lemon juice	2 tbsp
Green chillies (finely cut)	4
Cumin seeds (roasted and powdered)	1 tsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Bihari masala (packaged)	1 tbsp
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Salt	to taste
Oil	½ cup

Method:

- Cook meat with ginger/garlic and yogurt in a wok.
- When water dries and meat is tender, add Bihari masala, red chillies and oil; fry.
- Add green chillies, lemon juice, pepper, cumin and salt; keep on dum for 10 minutes.
- Serve hot.

بھُناہوا گوشت

اجزاء:

گائے کی بوٹیاں	ایک کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
بھُنا اور پسا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
بہاری مصالحہ (پیکٹ والا)	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

کڑاہی میں بوٹیاں، لہسن ادرک اور دہی ڈال کر پکنے دیں۔ گوشت گل جائے اور پانی خشک ہوجائے تو اس میں بہاری مصالحہ، لال مرچ اور تیل شامل کر کے بھُونیں۔ اس میں ہری مرچیں، لیموں کا رس، کالی مرچ، سفید زیرہ اور نمک ڈال کر 10 منٹ دم پر رکھیں اور گرم گرم پیش کریں۔



Reshmi Biryani

Ingredients:

Chicken pieces	1 ½ kg
Rice (boiled)	2 ½ cups
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Yogurt	1 cup
Green chillies (crushed)	8
Black pepper (crushed)	1 tsp
Lemon juice	4 tbsp
Fresh cream	500 grams
Onions (finely cut)	3
Milk (fresh)	1 cup
Orange food colour	1 pinch
Fresh mint (finely cut)	½ bunch + for garnishing
Salt	to taste
Oil	1 cup
Butter	1 tbsp

Method:

- Cook chicken, ginger/garlic, mint, chillies, yogurt and salt in a pot till dry.
- Add pepper and lemon juice; remove from flame.
- Heat oil in a wok; fry onions. Remove.
- Spread onions on paper; allow to become crisp.
- Crumble with fingers.
- Pour hot oil over chicken; allow to cool and add cream.
- Layer a wide-necked pot with ½ rice, chicken, ½ onions and remaining rice.
- Dissolve food colour in milk; pour over rice. Keep on dum.
- Garnish with mint and remaining onions; serve.

ریشمی بریانی

اجزاء:

مرغی کا گوشت	1½ کلو
چاول (اُبلے ہوئے)	2½ پیالی
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچ
دہی	ایک پیالی
ہری مرچیں (کچلی لیں)	8 عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچے
تازہ کریم	500 گرام
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	3 عدد
تازہ دودھ	ایک پیالی
زردے کا رنگ	ایک چٹکی
پودینہ (باریک کٹا ہوا)	½ گڈی + سجانے کے لئے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی
مکھن	ایک کھانے کا چمچ

ترکیب:

دیگچی میں مرغی کا گوشت، لہسن ادرک، پودینہ، ہری مرچیں، دہی اور نمک ملا کر مرغی کا پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں کالی مرچ اور لیموں کا رس ملا کر چولہا بند کر دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور پیاز تل کر نکالیں۔ اسے کاغذ پر پھیلا کر خشک کر لیں، پھر ہاتھ سے چورہ کر لیں۔ گرم تیل کو مرغی پر ڈال دیں، تیل ٹھنڈا ہو جائے تو کریم ملا لیں۔ ایک کھلے منہ کی دیگچی میں ½ چاول، مرغی، ½ پیاز اور باقی چاول کی تہہ لگا دیں۔ دودھ میں زردے کا رنگ ملا کر چاولوں پر ڈالیں اور دم پر رکھ دیں۔ مزید اربریانی باقی پیاز اور پودینے سجا کر پیش کریں۔

coroli®

The Original Cooking Oil



The taste of a great meal comes from great ingredients.
Coroli Corn Oil is the perfect way to start a great meal.

Contains Zero Cholestrol. Only Vitamin A & D are added.



Tomato and Egg Kasundi

Ingredients:

Tomatoes	½ kg
Eggs	4
Garlic (chopped)	4 cloves
Mustard seeds	1 tsp
Cumin seeds	1 tsp
Turmeric powder	½ tsp
Red chilli powder	1 tsp
Salt	to taste
Oil	½ cup
Green chillies, fresh coriander	for garnishing

Method:

- Boil tomatoes; remove skin and de-seed.
- Heat oil in a pot; fry mustard seeds and cumin.
- Add garlic, turmeric and red chillies; fry.
- Add tomatoes and salt; fry until oil separates.
- Crack eggs into tomatoes; arranging them at intervals; keep on dum.
- When eggs turn white, garnish with green chillies and coriander; serve.

ٹماٹر اور انڈے کی کسوندی

اجزاء:

ٹماٹر	½ کلو
انڈے	4 عدد
لہسن (چوپ کیے ہوئے)	4 جوے
رائی دانے	ایک چائے کا چمچہ
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی
ہری مرچیں، ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

ٹماٹر اُبال کر چھلکے اور بیج نکال دیں۔ دیگچی میں تیل گرم کر کے رائی دانے اور زیرہ بھونیں۔ اس میں لہسن، ہلدی اور لال مرچ ملا کر بھونیں۔ اس میں ٹماٹر اور نمک شامل کر کے مزید بھونیں۔ تیل اُوپر آ جائے تو ایک ایک انڈے کو توڑ کر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ڈالیں اور دم پر رکھ دیں۔ انڈے کا رنگ سفید ہو جائے تو ہری مرچیں اور ہرا دھنیا چھڑک کر پیش کریں۔



Pickled Prawn Vegetables

Ingredients:

Prawns	½ kg
Garlic paste	1 tbsp
Mixed pickle	1 cup
Tomatoes (chopped)	4
Onion (finely cut)	1
Capsicum (finely cut)	1
Carrots (finely cut)	2
Spring onions (finely cut)	3
Black pepper (crushed)	½ tsp
White vinegar	2 tbsp
Chicken cube	1
Cornflour (made into a paste with water)	3 tbsp
Soya sauce	1 tbsp
Chinese salt	¼ tsp
Oil	for frying + 4 tbsp

Method:

- Marinate prawns with vinegar, cornflour and Chinese salt and set aside for 5 minutes.
- Heat oil in a wok and fry prawns golden. Remove.
- Heat 4 tablespoons oil in a wok; fry onions brown and add garlic.
- When it gives off aroma add tomatoes and fry
- Add all remaining ingredients except pickle and prawns; cook until vegetables are tender.
- Add pickle and prawns; cook for a few minutes.
- Remove in a dish and serve hot.

سبزی والے اچاری جھینگے

اجزاء:

جھینگے	½ کلو
پسا ہوا لہسن	ایک کھانے کا چمچہ
ملا جلا اچار	ایک پیالی
ٹماٹر (چوپ کیے ہوئے)	4 عدد
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
شملہ مرچ (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
گاجر (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
ہری پیاز (باریک کٹی ہوئی)	3 عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	½ چائے کا چمچہ
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
چکن کیوب	ایک عدد
کارن فلور (پانی میں گھلا ہوا)	3 کھانے کے چمچے
سویا ساس	ایک کھانے کا چمچہ
چائنیز نمک	¼ چائے کا چمچہ
تیل	تلنے کے لئے + 4 کھانے کے چمچے

ترکیب:

جھینگوں پر سرکہ، کارن فلور اور نمک ملا کر 5 منٹ کے لئے رکھ دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور جھینگے سنہری تل کر نکال لیں۔ کڑاہی میں 4 کھانے کے چمچے تیل گرم کریں اور پیاز بادامی کر کے لہسن ملائیں۔ خوشبو آنے لگے تو ٹماٹر شامل کر کے بھونیں۔ اس میں اچار اور جھینگوں کے علاوہ باقی مصالحے اور سبزیاں ڈال کر سبزیاں نرم ہونے تک پکائیں پھر اچار اور جھینگے ملا کر چند منٹ تک پکائیں اور ڈش میں نکال کر گرما گرم پیش کریں۔



Chao Toms

Ingredients:

Prawns	100 grams
Chicken mince	100 grams
Fish fillet	100 grams
Garlic	5 cloves
Onion	1
Brow sugar	1 tsp
Egg white	1
Soya sauce	1 tbsp
Rice flour	2 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Carrots	2
Salt	to taste
Oil	for frying
Lettuce leaves, cucumber	for decoration
Tomato ketchup	as accompaniment

Method:

- Chop prawns, mince, fish, garlic, onion, sugar, egg white, soya sauce, rice flour, pepper and salt in a chopper.
- Cut carrots into thick long strips.
- Rub a little oil on your palms and place a little mix on them.
- Place a carrot in its centre and shape into long kebab (Chao Tom). Repeat process to make more Chao Toms.
- Heat oil in a wok and fry Chao Toms golden.
- Decorate a dish with lettuce leaves and cucumber; arrange Chao Toms on top and serve with ketchup.

چاؤ ٹومز

اجزاء:

جھینگے	100 گرام
مرغی کا قیمہ	100 گرام
مچھلی کے فلے	100 گرام
لہسن	5 جوے
پیاز	ایک عدد
براؤن چینی	ایک چائے کا چمچ
انڈے کی سفیدی	ایک عدد
سویا ساس	ایک کھانے کا چمچ
چاول کا آٹا	2 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
گاجر	2 عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے
سلاد پتے، کھیرے	سجانے کے لئے
ٹماٹو کیچپ	ہمراہ پیش کرنے کے لئے

ترکیب:

چوپر میں جھینگے، مرغی، مچھلی، لہسن، پیاز، چینی، سفیدی، سویا ساس، چاول کا آٹا، کالی مرچ اور نمک ملا کر یکجان کرلیں۔ گاجروں کی تھوڑی موٹی اور لمبی پٹیاں کاٹ لیں۔ ہتھیلی کو چکنا کر کے تھوڑا سا آمیزہ اس پر رکھیں۔ درمیان میں ایک گاجر کا ٹکڑا رکھیں اور آمیزے کو لمبوترے کباب کی طرح لپیٹ لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور انہیں سنہری تل لیں۔ ڈش کو سلاد پتے اور کھیرے سے سجا کر چاؤ ٹومز اس پر رکھیں اور ٹماٹو کیچپ کے ہمراہ پیش کریں۔



LIVE @ 9 NINE

Mutton Breast Masala

Ingredients:

Mutton breast (pieces)	½ kg
Yogurt (whipped)	1 cup
Tomatoes (finely cut)	4
Cinnamon	2 sticks
Green cardamoms	5
Cloves	5
Cumin seeds (crushed)	½ tsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Ginger/garlic (chopped)	1 tbsp
Salt	to taste
Oil	4 tbsp
Green chillies, fresh coriander (finely cut)	for garnishing

Green masala ingredients:

Raw papaya paste	2 tbsp
Green chillies	3
Fresh coriander	½ bunch

Method:

- Blend green masala ingredients in a blender.
- Marinate mutton with it and set aside for 1 hour.
- Heat oil in a pot; fry cinnamon, cardamoms and cloves till they give off aroma.
- Add meat and ginger/garlic; fry until oil separates.
- Add all ingredients except tomatoes and cook until meat is tender.
- Add tomatoes and cook for 5 minutes on high flame.
- Remove in a dish.
- Garnish with green chillies and coriander; serve.

مٹن سینہ مصالحہ

اجزاء:

بکرے کا سینہ (بوٹیاں)	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
ٹماٹر (باریک کٹا ہوا)	4 عدد
لونگیں	5 عدد
دارچینی	2 ڈنڈیاں
چھوٹی الائچیاں	5 عدد
کٹا ہوا سفید زیرہ	½ چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
لہسن ادرک (چوپ کیا ہوا)	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	4 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا، ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ہرے مصالحے کے اجزاء:

پسا ہوا کچا پپیتا	2 کھانے کے چمچے
ہری مرچیں	3 عدد
ہرا دھنیا	½ گڈی

ترکیب:

- Add all ingredients except clarified butter and beans and cook for 1 minute; add beans and little water; cook and leave on dum.
- Garnish with mint leaves and clarified butter and serve.

راجما

اجزاء:

لال لوبیا (ابلا ہوا)	ایک پیالی
پیاز (چوپ کی ہوئی)	2 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے)	2 عدد
لہسن ادرک (چوپ کیا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
پسی ہوئی ہلدی	¼ چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	½ چائے کا چمچہ
پسا ہوا دھنیا	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	¼ چائے کا چمچہ
سفید تل	ایک چائے کا چمچہ
ثابت سفید زیرہ	¼ چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
گھی	ایک چائے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے
پودینے کے پتے	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کر کے زیرہ تلیں' اس میں پیاز' ہری مرچیں اور لہسن ادرک ملا کر بھونیں' پھر علاوہ لوبیا اور گھی باقی اجزاء ڈال کر ایک منٹ تک پکائیں' پھر لوبیا اور تھوڑا سا پانی شامل کر کے پکائیں' پھر دم پر رکھ دیں۔ مزیدار راجما گھی اور پودینے کے پتے ڈال کر پیش کریں۔



Raheel Khan

LIVELY WEEKENDS

Chicken Lemon Sauce

Chicken Ingredients:

Chicken breasts	2
Black pepper (crushed)	1 tsp
Soya sauce	1 tsp
Refined flour	2 tbsp
Salt	to taste

Batter ingredients:

Refined flour (sieved), cornflour	2 cups each
Eggs	2
Baking powder	4 tsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Chilli oil	3 tbsp
Water (cold)	3 cups
Salt	to taste
Oil	for frying

Sauce ingredients:

Lemon juice	4 tbsp
Lemon (finely cut)	8 slices
Sugar, honey	2 tsp each
Water	1 ½ cups

Method:

- Pound chicken breasts till thin with a mallet. Marinate them with chicken ingredients and set aside for a little while.
- Mix batter ingredients in a bowl.
- Heat oil in a frying pan; coat chicken with batter and fry golden; remove in a dish and cut into pieces.
- Heat water in a saucepan to make sauce; add lemon slices, lemon juice, honey and sugar. Cook till thick.
- Add salt; pour sauce over chicken. Serve.

چکن لیمن ساس

مرغی کے اجزاء:

مرغی کے سینے	2عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
سویا ساس	ایک چائے کا چمچ
میدہ	2 کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ

آمیزے کے اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)، کارن فلور	2،2 پیالی
انڈے	2عدد
بیکنگ پاؤڈر	4 چائے کے چمچ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
مرچوں کا تیل	3 کھانے کے چمچ
ٹھنڈا پانی	3 پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے

ساس کے اجزاء:

لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچ
لیموں (باریک کٹے ہوئے)	8 سلائس
چینی، شہد	2،2 چائے کے چمچ
پانی	1½ پیالی

ترکیب:

مرغی کے سینوں کو کسی بھاری چیز کی مدد سے کچل کر پتلا کرلیں۔ اس پر مرغی کے اجزاء ملا کر تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیں۔ ایک پیالے میں آمیزے کے اجزاء ملا لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں، مرغی کے سینے آمیزے میں لپیٹیں اور سنہری تل کر ڈش میں نکالیں اور ٹکڑے کاٹ لیں۔ ساس بنانے کے لئے ساس پین میں پانی گرم کریں۔ اس میں لیموں کے ٹکڑے، لیموں کا رس، شہد اور چینی ڈال کر گاڑھا ہونے تک پکائیں، پھر نمک ملائیں اور مرغی پر ڈال کر پیش کریں۔



Raheel Khan

LIVELY WEEKENDS

Honey Chicken Wings

Chicken ingredients:

Chicken wings	5
Black pepper (crushed)	1 tsp
Refined flour	2 tbsp
Cornflour	2 tbsp
Egg	½
Water	1 cup
Salt	to taste
Oil	for frying
Capsicum (finely cut)	for garnishing

Sauce ingredients:

Honey	50 grams
Water	4 tsp
Tomato ketchup	100 grams
Soya sauce	1 tsp
Lemon juice	1 tsp

Method:

- Slit chicken wings on one side and collect meat to one side.
- Boil water in a pot; add wings. Cook till tender.
- Remove wings in a bowl and mix in remaining chicken ingredients.
- Cook sauce ingredients in a frying pan till thick. Remove from flame.
- Heat oil in a wok; fry wings golden, one by one, on medium flame; remove in a dish.
- Pour sauce over wings; garnish with capsicum. Serve.

شہد والے مرغی کے پر

اجزاء:

مرغی کے پر	5 عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
میدہ	2 کھانے کے چمچ
کارن فلور	2 کھانے کے چمچ
انڈے	½ عدد
پانی	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے
شملہ مرچ (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ساس کے اجزاء:

شہد	50 گرام
پانی	4 چائے کے چمچ
ٹماٹو کیچپ	100 گرام
سویا ساس	ایک چائے کا چمچ
لیموں کا رس	ایک چائے کا چمچ

ترکیب:

مرغی کے پروں کے ایک جانب نشان لگا کر گوشت ایک جانب کر دیں۔ دیگچی میں پانی ابالیں' اس میں پر شامل کر کے گوشت گلنے تک پکائیں۔ پروں کو نکال کر ایک پیالے میں ڈالیں' اس میں مرغی کے باقی اجزاء بھی ملا لیں۔ فرائنگ پین میں ساس کے تمام اجزاء ڈال کر گاڑھا ہونے تک پکا کر چولہا بند کر دیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور مرغی کے پر ایک' ایک کر کے اس میں شامل کریں۔ پروں کو درمیانی آنچ پر سنہری تل کر ڈش میں نکال لیں۔ اس کے اوپر ساس ڈالیں اور شملہ مرچ سے سجا دیں۔



AL HAMRA

کا نمبر 1 برانڈ

www.lasaniindustries.com

نام بھی لاثانی معیار بھی لاثانی

عرق مہزل™

ٹریڈ مارک نمبر 217188

کاپی رائٹ نمبر 29840

وزن گھٹائیں

صحت پائیں

ہر قسم کے موٹاپے کی وجوہات کو کم کرنے کیلئے مؤثر دوا



Khadija

LIVELY WEEKENDS

Vermicelli Mithai

Ingredients:

Vermicelli (broken into small pieces)	300 grams
Condensed milk	1 cup
Desiccated coconut	2 cups + for sprinkling
Butter	2 tsp + for brushing
Milk (fresh)	2 tbsp

Method:

- Heat butter in a pot and sauté vermicelli; add coconut and cook on low flame for 5 minutes.
- Add fresh and condensed milk and keep on dum.
- Brush butter on a serving dish;remove vermicelli on it and even out with a spoon.
- Sprinkle coconut on top and cover with aluminium foil; freeze for ½ hour.
- Cut mithai into diamond shape and serve.

سویّوں کی مٹھائی

اجزاء:

سویّاں (چھوٹی توڑ لیں)	300 گرام
کنڈینسڈ ملک	ایک پیالی
پسا ہوا ناریل	2 پیالی + چھڑکنے کے لئے
مکھن	2 چائے کے چمچے + چکنا کرنے کے لئے
تازہ دودھ	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

دیگچی میں مکھن گرم کر کے سویّوں کو ہلکا سا تل لیں' پھر ناریل ملا کر ہلکی آنچ پر 5 منٹ تک پکائیں۔ اس میں کنڈینسڈ ملک اور دودھ ملا کر دم پر رکھ دیں۔ پلیٹ کو مکھن سے چکنا کریں' اس پر سویّوں کا آمیزہ ڈالیں اور چمچے کی مدد سے ہموار کر دیں۔ اس پر ناریل چھڑکیں اور المونیم فوائل سے ڈھانک کر ½ گھنٹے کے لئے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں۔ مزیدار مٹھائی نمک پارے کی طرح کاٹ کر پیش کریں۔

ITALIA®

OLIVES & OLIVE OIL



GOOD

Cooking

Health

Life


It's good all the way

کیونکہ اپنوں سے پیار ہے

CONSUMERS™ Choice AWARD 2013

www.facebook.com/houseofiitalia

www.houseofitalia.com



مصالحہ ہے تو کھانے میں ہے مزہ

مصالحے انسانی صحت کے اعتبار سے بہت مفید اور کئی بیماریوں کا علاج ہیں

تیز مرچ و مصالحوں کو روایتی کھانوں کی جان سمجھا جاتا ہے اور ان ہی مصالحوں کو طبی ماہرین صحت کے لئے نقصان دہ قرار دیتے ہیں' تاہم ایک نئی تحقیق میں مرچ اور مصالحے سے بھرپور کھانوں کو انسان کی لمبی عمر کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ ماہرین کہہ رہے ہیں کہ مصالحہ دار کھانوں کے ان ہی چٹخاروں اور مرچوں میں ہماری لمبی عمر کا راز پوشیدہ ہوسکتا ہے۔

تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مصالحے انسانی صحت کے اعتبار سے بہت مفید اور کئی بیماریوں کا علاج ہیں' بطور خاص مرچوں میں درد کم کرنے کی ایسی صلاحیت موجود ہے جس سے انسان کی عمر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

تحقیق کے مطابق انسانی جسم میں درد محسوس کرنے کی حساسیت کا ختم ہو جانا دراصل عمر میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ اسی لئے باقاعدگی سے مصالحے دار پکوان کھانا درد کے احساس کو بند کرنے کا عمدہ طریقہ ہوسکتا ہے۔ یہ تحقیق چوہوں پر کئے جانے والے تجربات کے نتیجے میں سامنے آئی ہے جس میں دماغ تک درد کے پیغامات کی رسائی رُک جانے سے چوہوں کی عمر میں اضافہ ہوا۔

سائنسدانوں نے یہ تجربہ ایسے چوہوں پر کیا جو جنیاتی طور پر درد محسوس کرنے والا لحمیات بنانے کے قابل نہیں تھے۔ ماہرین نے کہا کہ ایسے جانور جو درد محسوس کرنے کی صلاحیت رکھنے والے لحمیات ٹی آر پی وی سکس (TRPV1) نہیں بنا سکتے تھے' حیرت انگیز طور پر نہ صرف اُن کی عمریں 14 فیصد زیادہ تھیں بلکہ ان میں سرطان کا خطرہ اور عمر کے ساتھ حافظے کی خرابی جیسے امراض کا خطرہ بھی کم تھا۔ اتنا ہی نہیں ایسے جانوروں کا نظام ہضم اچھا ہونے کے ساتھ ساتھ ان میں ذیابیطس پیدا ہونے کے خطرات بھی کم پائے گئے۔

یونیورسٹی آف کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والے محقق اینڈریو ڈلن نے کہا "ہمارا خیال ہے کہ مرکزی اعصابی نظام کی طرف پیغامات لے جانے والے اعصابی سرے (اخذے) جو دماغ میں درد کا احساس پیدا کرتے ہیں' کے پیغام رسانی کے راستوں میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو اس کا انسانی صحت پر بہت اچھا اثر پڑتا ہے' جس سے درد میں کمی واقع ہوتی ہے۔"

انسان کی عمر میں اضافے کے ساتھ اس کی زندگی میں جسمانی درد کی تکالیف میں اضافہ ہوتا ہے اور یہی تکلیف اسے تیزی سے بڑھاپے کی جانب دھکیلتی ہیں۔ مصالحے دار پکوان کھانے سے مرچوں میں موجود قدرتی مرکب کیپسکین حاصل ہوتا ہے' جو درد کا احساس جگانے والی حس کو کام کرنے سے روک سکتا ہے کیونکہ کیپسکین ٹی آر پی سکس پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے اسی لئے مرچوں والے پکوان کھانا بڑھاپے میں نظام انہضام کی کمزوری کو دُور کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے' جس سے آگے چل کر انسان کی زندگی طویل ہوسکتی ہے۔

ہزاروں سال سے انسان خوراک ہضم کرنے کے لئے مرچوں کو مختلف شکلوں میں استعمال کرتا چلا آرہا ہے۔ ماہرین ہری مرچوں کو پھل قرار دیتے ہیں جبکہ متبادل کے طور پر بہت سی ادویات بھی موجود ہیں مثلاً درد شقیقہ کے علاج کی ادویات درد کے اُس راستے پر اثر انداز ہوتی ہیں جہاں درد محسوس کیا جاتا ہے۔

مصالحے دار پکوان کے ایک اہم ترین جزو ہلدی کی افادیت کے حوالے سے شائع ہونے والے پچھلے مطالعوں میں ہلدی کو کئی امراض کے علاج کے لئے مفید بتایا گیا ہے۔ سائنسدانوں نے ہلدی میں موجود مرکب کرکومین کو معمر افراد میں الزائمر کے علاج کے طور پر تجویز کیا ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ الزائمر کے نتیجے میں دماغ میں جمع ہونے والے لحمیات کو اگرچہ کرکومین کے ذریعے تحلیل نہیں کیا جاسکتا ہے لیکن اس کے برعکس ہلدی دماغی ریشوں کے بننے کے عمل کو تیز کرتی ہے' جس سے دماغی انحطاط کی رفتار سست پڑ جاتی ہے۔

ویسے تو مرچوں کی کئی اقسام ہیں جن میں ہری مرچ' لال مرچ' کالی مرچ اور شملہ مرچ شامل ہیں لیکن ہری مرچ کے استعمال کو وزن کم کرنے اور فالتو چربی پگھلا کر زائل کرنے کے اعتبار سے بھی مفید خیال کیا جاتا ہے۔ ایک حالیہ تحقیق میں چینی محققین نے بتایا کہ تیز مرچوں والے کھانے بلند فشار خون کم کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' مرچوں میں قدرتی طور پر ایسے اجزاء بھی موجود ہیں جو خون کی روانی کو بحال کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

دن پھرے خانساماؤں کے

کوکنگ چینلوں کی بدولت کھانا پکانے کی صنعت سے وابستہ ہر چیز کی مانگ میں یکدم اضافہ ہوگیا

میڈیا نے پاکستان میں دیکھتے ہی دیکھتے وہ انقلاب برپا کیا ہے کہ جس کا سرسری تذکرہ بھی طویل وقت مانگتا ہے۔ غور کریں تو محسوس ہوگا کہ یہ وہ جادو ہے جس نے پلک جھپکتے بہت سارے مسئلے حل کر دیے ہیں۔ مثلاً صبح ہی صبح ہر گھر میں پوچھا جانے والا یہ سوال کہ "آج کیا پکے گا؟" بظاہر یہ بہت چھوٹا سا اور آسان مسئلہ لگتا ہے مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔

اس سوال کا جواب بعض اوقات گھنٹوں سوچا جاتا تھا مگر بھلا ہو کوکنگ چینلوں کا کہ اب یہ سوال ایک دو روز پہلے ہی حل کرلیا جاتا ہے۔ جس دن جس کھانے کی ترکیب آسان، اچھی اور مناسب لگتی ہے اسے نوٹ کرلیا جاتا ہے اور مسئلہ حل۔

پھر چینل تو چلے ہی چلے کھانا پکانے والے ڈھیر سارے رسالے اور کتابیں بھی نکل آئیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ سارے رسالے اور ساری کتابیں بڑی تعداد میں بکتی اور خریدی جاتی ہیں۔ چینلوں کی موجودگی میں رسائل و جرائد کی قدر کم ہو جانی چاہئے تھی مگر تعجب ہے کہ ان ہی چینلوں سے ان رسالوں کے اشتہارات دکھائے جاتے ہیں تاکہ دیکھنے والے ان سے محروم نہ رہ جائیں۔ پھر چینلوں سے جو کھانا پکانے کی ترکیب نوٹ کرنے سے رہ گئی وہ ان رسالوں میں مل جاتی ہے۔



کوکنگ چینلوں کا بجٹ لاکھوں روپے ماہانہ کا ہے جنہوں نے خانساماؤں کے دن پھیر کر انہیں شیف کا درجہ دے دیا۔ شیف فرانسیسی لفظ ہے جس کے معنی منیجر پروڈکشن کے ہیں۔ گویا ایسا منیجر جو ہر بار نئے سے نئے کھانے پکا سکے۔

آج پیشے کے اعتبار سے شعبہ کوکنگ چینلوں کے ہیرو ز ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے کامیاب ترین آئیڈیز بھی ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر باقاعدہ ریسٹورنٹس کے مالک ہیں۔ کسی نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ہوٹل مینجمنٹ سے فوڈ ایڈورٹائزنگ میں ڈپلومہ لیا ہوا ہے تو کسی ہوٹل کی کیٹرنگ کمپنی، فیکٹری فرنچائز اور فائیو اسٹار ہوٹلوں میں بڑی بڑی ڈشوں پر ملازم ہیں۔ اکثر نے بیرون ملک سے بھی ٹریننگ لی ہوئی ہے تو بعض نے بیرون ملک رہ کر کام کا تجربہ حاصل کیا ہوا ہے اسی سبب وہ ٹی وی پر کام کرنے کے منہ مانگے پیسے لیتے ہیں۔

ٹی وی پر جن پکن یا باورچی خانوں میں انہیں کام کرتا دکھایا جاتا ہے وہ اس قدر خوب صورت ہوتے ہیں کہ اکثر عورتیں اپنے شوہروں سے ویسے ہی پکن بنوانے کی فرمائش کرتی ہیں پھر جدید سازوسامان' لکڑی کی سجاوٹ' نفیس ڈیزائنوں والے برتن' کٹلری' گلاس' ٹرانسپیرنٹ چولہے اور مہنگے ترین فرج دیکھ کر خواتین میں اچھی چیزوں کے استعمال کا شعور پیدا ہوا ہے اور اب خواتین اپنے شوہروں اور گھر والوں سے ایسے ہی چیزوں کی فرمائش کرتی ہیں۔

ان کوکنگ چینلوں کی بدولت کھانا پکانے کی صنعت سے وابستہ ہر چیز کی مانگ میں یکدم اضافہ ہوگیا ہے۔ بہت سی چیزیں ایسی ہیں جنہیں کوکنگ چینلوں سے پہلے کوئی جانتا بھی نہیں تھا یا جانتا تھا تو ان کے استعمال کا طریقہ معلوم نہیں تھا اس لئے اس کی خریداری کو بھی ضروری خیال نہیں کیا جاتا تھا لیکن اب جب تک ہر باورچی خانے میں پاستا' نوڈلز' ٹماٹر کی پیوری' اچ پی ساس' ووسٹر ساس' چلی ساس' مسٹرڈ پیسٹ' کوکا پاؤڈر' مسٹرڈ پاؤڈر' چکن کیوب' جنجر پاؤڈر' گارلک ساس' پیپریکا پاؤڈر' چائنیز نمک' براؤن چینی' فش ساس' کریم' اچار مصالحہ' تلسی' جائفل جاوتری اور بادیان کے پھول سمیت دیگر اشیا نہ ہوں' باورچی خانے کو مکمل ہی نہیں سمجھا جاتا۔

مصالحوں کی بدولت معمولی کھانوں کی بھی اہمیت بڑھ گئی ہے مثلاً اب دال بھی "شاہی دال" ہوگئی ہے۔ معمولی سا پالک پنیر کے ساتھ مل کر وی آئی پی ڈش بن گیا ہے۔

پاکستان میں 1992ء تک بہت سے لوگوں کو پتہ بھی نہیں تھا کہ پاستا' نوڈلز' مکرونی' ٹرائیولی اور اسپیگھٹی سے کیا بنتا اور انہیں کھانے ان کے نظر کیوں اور جو رے جاتے ہیں لیکن کوکنگ چینلوں کی مہربانی سے آج ہر گھر میں یہ چیزیں فراوانی سے استعمال ہو رہی ہیں۔ آج ہر گھر میں نہ صرف انہیں پکانا اور چاؤ سے کھانے کھائے جا رہے ہیں بلکہ جگہ جگہ فرنچائز کھل گئے ہیں اور ان میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ جدھر دیکھو ایک انقلاب سا محسوس ہوتا ہے۔ آج گھر کے کمار بڑی پیاز' گاجر اور ہری مرچوں کو کاٹنے کے انداز تک بدل گئے۔ کٹنگ بورڈ ہر گھر کی ضرورت بن گئے اور سل نے جانے کہاں چھپ گئے۔ الیکٹرک بیٹر کا استعمال عام ہے۔ انڈا پھینٹنے سے لے کر آٹا گوندھنے تک ہر کام کے لئے جدید آلات استعمال ہو رہے ہیں۔

آج کل کھانوں کی سجاوٹ پر بھی اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ ہری مرچیں' ہرا دھنیا' پودینہ' پیاز' تلی ہوئی پیاز' ٹماٹر' پستہ' بادام' کاجو' چاندی کے ورق' کشمش' مایونیز' کیچ اپ' لاچی اور چاکلیٹ سمیت لاتعداد چیزیں سجاوٹ کے نام پر خریدی جا رہی ہیں۔

پہلے کھانوں کے نام بھی لوگوں کی طرح ہی سیدھے سادھے ہوا کرتے تھے مگر اب کھانوں کے نام بھی نہایت دلچسپی کا باعث ہیں۔ بعض نام تو بے جوڑ معلوم ہوتے ہیں مگر کیا کیا جائے یہی نام ان کی پہچان بنتے جا رہے ہیں' مثلاً چکن پاپس' کی مونو' چکن موم' بون بون' چکن' پاپا ڈوریس اور نیمش۔

یعنی اب نہ کھانے سیدھے سادے رہے اور نہ ہی لوگ۔ تو پھر دیکھتے رہئے کوکنگ چینل اور لطف اٹھاتے رہئے مزیدار کھانوں سے اور ہاں ویسے تو اب میدان میں صرف ایک آدھ ہی کوکنگ چینل کھڑا ہے لیکن پھر بھی اگر آپ میں کچھ صلاحیت ہے تو کسی چینل پر شیف کا آڈیشن دے کر قسمت بھی آزما لیں' ہوسکتا ہے کہ آپ کے دن بھی پھر جائیں! ■



کدّو غذائی اور طبّی افادیت سے بھرپور سبزی

اسے یرقان کے مریضوں کے لئے تحفہ قدرت سمجھا جاتا ہے۔

پروفیسر حکیم سید عمران فیاض

کدّو کو کئی ناموں سے پکارا جاتا ہے جن میں گھیا' لوکی اور دودھی شامل ہیں' جب کہ اسے عربی زبان میں یقطین کہا جاتا ہے۔ کدّو تمام سبزیوں میں نہایت اعلیٰ اہمیت کی حامل ترکاری ہے جس کے اندر اعلیٰ قسم کا میکٹین (pectin) موجود ہوتا ہے جو نظام انہضام یعنی معدے اور ہاضمے کے لئے مفید ہے۔ کدّو میں حیاتین بی اوری کے علاوہ کیلشیم' فاسفورس' فولاد' پوٹاشیم اور آیوڈین جیسی دھاتیں بھی پائی جاتی ہیں۔ اس کا استعمال بے خوابی اور قبض کو دُور کرتا ہے۔

اسے یرقان کے مریضوں کے لئے تحفہ قدرت سمجھا جاتا ہے۔

کدّو کا استعمال مزاج کے چڑچڑے پن کو دُور کرتا ہے۔ صحیح بخاری کی ایک حدیث میں حضرت انسؓ سے روایت ہے "ایک درزی نے دعوت میں حضور ﷺ کی خدمت میں لوکی (الدباء) پکی ہوئی پیش کی۔ آپ ﷺ نے اسے تناول فرمایا' اسی روز سے میں برابر اسے پسند کرتا ہوں۔" کدّو ان ترکاریوں میں سے ایک ترکاری ہے جنہیں انسان نے ابتدائی دور میں کاشت کیا' یعنی اس کی کاشت صدیوں سے جاری ہے۔


کدّو بے خوابی کی شکایت کو دُور کرتا ہے' پیشاب کی جلن کو دُور کرتا ہے' اس کے بیجوں کا تیل لگانے سے سر درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کدّو ٹکڑے کاٹ کر کے پیروں کے تلوں پر رگڑنے سے جلن زائل ہو جاتی ہے۔ کدّو کے رس کے چند قطرے گرم کر کے کان میں ڈالنے سے شدید درد میں فوری آرام آ جاتا ہے۔

کدّو اسہال' زیادہ مرغن غذاؤں کے استعمال' خشک پھل کھانے اور ذیابیطس سے پیدا ہونے والی پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے۔ ایک گلاس کدّو کے جوس میں چٹکی بھر نمک ملا کر پینا انتہائی مفید رہتا ہے۔ کدّو کا جوس گرمیوں کے موسم میں زیادہ پسینہ کی وجہ سے ضائع ہونے والے نمکیات کو پورا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس سے جسم کی تھکاوٹ دُور ہو جاتی ہے۔

کدّو کے جوس کو تلوں کے تیل میں شامل کر کے بے خوابی کے مرض میں سر کی مالش کرنے سے یہ بیماری جلد ہی دُور ہو جاتی ہے۔ کچا کدّو معدے اور آنتوں کو نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔ اس لئے اسے کچا استعمال کرنے سے منع کیا جاتا ہے۔

100 گرام کدّو میں 2.5 فیصد نشاستہ' 5.1 فیصد چکنائی' 0.2 فیصد لحمیات اور 0.6 فیصد ریشے پائے جاتے ہیں۔

کدّو مقبول عام سبزی ہے۔ جسے لوگ انتہائی پسندیدگی سے کھاتے ہیں۔ اس کا رائتہ اور حلوہ بھی تیار کیا جاتا ہے' جو انتہائی زود ہضم ہوتا ہے۔ ■



مرغی کو بغیر دھوئے استعمال کریں

مرغی کا گوشت دھونے سے صحت کو نقصان پہنچانے والے جرثومے یا زہریلے مادے پھیل کر فوڈ پوائزننگ کا سبب بن سکتے ہیں

کیا آپ نے کبھی مرغی کا گوشت بغیر دھوئے پکایا ہے؟ میرا خیال ہے کہ 99 فیصد لوگوں کا جواب انکار میں ہوگا۔ تاہم برطانیہ میں خوراک کے معیار پر نظر رکھنے والی حکومتی تنظیم نے خبردار کیا ہے کہ تازہ مرغی کے گوشت کو نہ دھوئیں کیونکہ دھلی ہوئی مرغی سے فوڈ پوائزننگ کا خطرہ پیدا ہوتا ہے۔

فوڈ اسٹینڈرڈ ایجنسی نے لوگوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ زیادہ تر لوگوں کو اس بات کا اندازہ نہیں ہے کہ مرغی کا گوشت دھونے سے صحت کو نقصان پہنچانے والے جرثومے یا زہریلے مادے پھیلتے ہیں جن سے فوڈ پوائزننگ ہو سکتی ہے۔ برطانیہ میں ہر سال 280,000 افراد فوڈ پوائزننگ کا شکار ہوتے ہیں اور "کیمپی لوبکٹر (campylo bacter)" سے پھیلنے والا فوڈ پوائزننگ برطانیہ میں سب سے زیادہ عام ہے لیکن صرف ایک تہائی افراد اس کی وجوہات سے آگاہ ہیں۔ تنظیم کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ کچی مرغی دھونے سے آلودہ پانی کی اڑنے والی بوندوں سے ہاتھ، کپڑے اور کھانا پکانے کے برتنوں سمیت کام کی جگہ پر مذکورہ جراثیم پھیل سکتے ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ لوگوں کے ذہن سے یہ اہم مقصد نکل گیا ہے کہ کچی مرغی کے اندرونی حصوں کو صاف کرنا ہوتا ہے یا پھر لوگ مرغی پکانے سے پہلے اس لئے دھوتے ہیں کیونکہ انہوں نے لوگوں کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔

فوڈ اسٹینڈرڈ ایجنسی سے وابستہ کیتھرین ریان نے کہا ہے کہ مرغی دھونے کے اس عمل سے بھی زیادہ ضروری ہے کہ مرغی میں موجود جراثیم پکانے کے دوران خود ہی مر جاتے ہیں۔

فوڈ اسٹینڈرڈ ایجنسی کی آن لائن جائزہ رپورٹ میں حصہ لینے والے 7,000 برطانوی شہریوں میں سے 94 فیصد نے بتایا کہ وہ مرغی پکانے سے پہلے اسے اچھی طرح سے دھوتے ہیں۔

رپورٹ کے مطابق 90 فیصد افراد نے بتایا کہ وہ جانتے ہیں کہ جانوروں سے حاصل ہونے والی غذائیں فوڈ پوائزننگ کا سب سے بڑا خطرہ ہیں اور ان میں چھپے ہوئے جراثیم "سالمونیا" اور "ای کولائی" کے بارے میں انہوں نے پہلے سے سن رکھا ہے جن سے فوڈ پوائزننگ ہو سکتی ہے۔ لیکن کچی کوئی بھی جراثیم کے حوالے سے صرف 28 فیصد لوگ ہی آگاہ تھے۔

برطانیہ بھر میں زیادہ تر فوڈ پوائزننگ کے واقعات آلودہ پولٹری کی وجہ سے ہوتے ہیں جس کی علامات میں اسہال، پیٹ کا درد، بخار اور بیمار محسوس کرنا شامل ہے۔ اس بیماری میں عام طور پر لوگ چند دنوں میں ہی صحتیاب ہو جاتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات فوڈ پوائزننگ سنگین شکل اختیار کر سکتی ہے جس سے طویل مدتی صحت کے مسائل آنتوں کے مسائل اور اعصابی نظام شدید متاثر ہونے کا خطرہ ہوتا ہے خاص طور پر 5 برس سے کم عمر بچوں اور 75 برس سے زائد عمر افراد کے لئے اس بیماری کی شدید نوعیت جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہے۔

فوڈ اسٹینڈرڈ ایجنسی کی چیف ایگزیکٹو کیتھرین ریان نے کہا کہ اگرچہ لوگ کچی مرغی کے گوشت کو پکانے سے پہلے ہاتھ دھونا اور مرغی دیر تک پکانے کے حوالے سے ہدایات پر عمل کرتے ہیں لیکن اس سروے میں ایک بات یہ بھی سامنے آئی ہے کہ مرغی پکانے سے قبل اسے اچھی طرح سے دھونا بھی لوگوں کے معمول کا حصہ ہے۔


انہوں نے کہا کہ تنظیم کی جانب سے ہدایات کا مقصد لوگوں میں "کیمپی لو" نامی جرثومے سے بچاؤ اور آلودگی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے خطرات سے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ اسی لئے لوگوں کو مرغی دھونے سے منع کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ■

FaceFresh™

CLEANSER CREAM

جو فیس فریش
وھی بیوٹی فل





مونگ کی دال، ایک سپر غذا

یہ دال لاکھوں افراد کو تندرست رکھنے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے کیوں کہ یہ نہ صرف باضمہ بلکہ غذائیت سے بھرپور بھی ہے

ممکن ہے آپ کو مونگ کی دال پسند نہ ہو لیکن یہ عظیم پاک و ہند کے لاکھوں باشندوں کا پسندیدہ کھانا ہے۔ سنہرے رنگ کی مالک مونگ کی دال بالخصوص بھارت اور پاکستان میں نہایت مقبول ہے۔ کسی وقت میں غریبوں کے کھانوں سے منسوب کی جانے والی مونگ کی دال آج دالوں میں سب سے زیادہ گراں قدر ہو چلی ہے۔

مونگ کی دال کا آبائی وطن شام ہے جہاں اسے 8 ہزار سال سے اگایا جا رہا ہے۔ دال ایک چھوٹی سی جھاڑی کے بیج ہوتے ہیں جو بہت سے جنوبی ایشیائی ممالک کی ثقافتی غذاؤں کا حصہ ہے۔ یہ دال ہلکے ذائقے کی حامل ہوتی ہے۔ مونگ کی دال سبزیوں بالخصوص پھلی سبزیوں جیسے کہ کدو، بھنڈی اور گاجروں کے ہمراہ بے حد مزیدار لگتی ہے۔ مونگ کی دال ایک شاندار سائیڈ ڈش، سوپ اور ہنڈی ہو سکتی ہے۔

مونگ کی دال لاکھوں افراد کو تندرست رکھنے میں زبردست کردار ادا کر رہی ہے کیوں کہ یہ نہ صرف باضمہ ہے بلکہ غذائیت سے بھرپور بھی ہے۔ 100 گرام مونگ کی دال میں 152 حرارے، 0.4 گرام چکنائی، 0 گرام سوڈیم، 25 گرام نشاستے، 10 گرام غذائی ریشے اور 12 گرام لحمیات پائے جاتے ہیں۔

مونگ کی دال ان گنت فوائد کی حامل ہے۔ 3 ہفتے تک غذا میں مونگ کی دال شامل رکھنے سے بال گرنا بند ہو جائیں گے۔ مونگ کی دال کے بیجوں میں کافی مقدار میں وٹامنز اے، بی سی اور ای موجود ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں کیلشیم، فولاد، میگنیشیم، فاسفورس، زنک اور پوٹاشیم جیسے معدنیات بھی وافر مقدار میں ہوتے ہیں۔ اس میں بڑی مقدار میں غیر محسوسی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس میں چربی کا مواد بہت کم ہوتا ہے جس سے وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ لحمیات اور ریشے کے حصول کا بڑا ذریعہ ہیں، خون کے نظام میں کولیسٹرول کی سطح کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں کے لئے انہیں انتہائی مفید قرار دیا جاتا ہے۔

مونگ کی دال گرمی میں معتدل ہے۔ مونگ کی دال کھانے میں ہلکی ہوتی ہے جو جسم کو صحت بخشتی ہے، مقوی ہے جو دل، خون، گوشت اور طاقت کا اضافہ کرتی ہے۔ ہلکی غذا ہونے کی وجہ سے اسے بیماروں کے لئے نہایت مفید سمجھا جاتا ہے۔

مونگ کی دال جو سوپ بنانے کے حوالے سے معروف ہے۔ مونگ دال کے سوپ میں لہسن، پیاز اور مکھن پر دال کر پکائیں تو یہ کم حراروں پر مشتمل مکمل غذا ہے۔

مونگ کی دال میں ریشے کی بڑی مقدار پائی جاتی ہے جو نظام ہضم کو بہتر بناتی ہے۔

مونگ دال ایک متوازن غذا کے لئے ایک بہترین اور مناسب غذا ہے۔

مونگ کی دال نشاستے، ریشے، لحمیات اور فولک ایسڈ کے حصول کا بڑا ذریعہ ہیں جس کی وجہ سے کم حراروں کے باوجود غذائیت سے بھرپور خوراک حاصل ہوتی ہے۔

پھلکوں والی مونگ کی دال کا تسلسل سے استعمال کولیسٹرول کو قابو میں رکھتا ہے۔ ایک حالیہ تحقیق کہتی ہے کہ ریشے سے بھرپور یہ دال انسولین کے خلاف مزاحمت کر کے خون کی شکر کو قابو میں رکھتی ہے۔ ■

بالوں کو گرنے سے بچائیں

قدرتی اشیاء سے گرتے ہوئے بالوں کا علاج کریں' حفاظتی اقدامات بھی ضروری ہیں

مشرق ہو یا مغرب' گھنے اور لمبے بال خوبصورتی کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ بال لمبے ہوں یا چھوٹے ان کی حفاظت بہت ضروری ہے۔ جھڑتے ہوئے بال نہ صرف شخصیت کو متاثر کرتے ہیں بلکہ پریشانی میں مبتلا بھی کر دیتے ہیں۔ بال اگر موروثی طور پر یا طویل عمری کی وجہ سے گر رہے ہوں تو لاعلاج تصور کئے جاتے ہیں لیکن اگر بیماری کی وجہ سے یہ صورت پیش ہو تو اس کا علاج ممکن ہے کیوں کہ مرض اور کمزوری دُور ہونے پر بال دوبارہ نکل سکتے ہیں۔

اگر آپ کے بال گر رہے ہیں تو غذا میں دودھ' بالائی' انڈے کی زردی اور سبزی' تازہ سبزیوں خصوصاً بند گوبھی' گاجر' ٹماٹر' پالک اور سلاد کا کثرت سے استعمال بڑھائیں۔ اگر سر میں خشکی پیدا ہو جائے یا جلدی امراض کے نتیجے میں بال گر رہے ہوں تو ریٹھے پانی میں بھگو کر اس پانی سے اپنے بال دھوئیں' پھر اچھی طرح سے کنگھی کر کے تیل لگا لیں۔ گرتے بالوں کے لئے انڈے کی زردی یا پھر سرسوں کا تیل لگائیں۔ ماش کی دال پانی میں بھگو دیں اور پھر اس میں ہم وزن میتھی کے پتے باریک پیس کر سر پر اچھی طرح سے لگائیں اور پھر 15 منٹ کے بعد سر دھو لیں۔ سیکا کائی' ماش کی دال اور میتھی کے دانے چٹنی کی طرح پیس لیں۔ اس آمیزے سے بال دھونے سے بال نہ صرف جھڑنا رُک جائیں گے بلکہ ان میں سیاہی بھی آ جائے گی۔

گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کے لئے تھوڑے سے خشک آملے لوہے کے برتن میں ڈال کر پانی ڈالیں اور اسے ایک دن تک بھیگنے دیں' دوسرے دن اس پانی سے بال دھوئیں۔ اگر بالوں کے گرنے کی وجہ خشکی ہو تو دہی میں تھوڑا سا تیل ڈال کر سر پر خوب ملیں اور پھر ڈیڑھ گھنٹے کے بعد نیم گرم پانی سے بال دھو لیں۔ اس کے علاوہ نہانے سے پہلے بالوں کی جڑوں اور سر دھونے کے پانی میں لیموں کا رس ڈالنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ بال دھونے کے لئے قدرتی اجزاء مثلاً آملہ' سیکا کائی اور میتھی دانہ پر انحصار کریں۔

سرسوں کی کھلی بھگو کر چھان لیں اور پھر اس کے پانی سے بال دھوئیں' بال نرم و ملائم رہیں گے۔ خشک بالوں میں ہفتے میں ایک بار زیتون کے تیل میں 2 حصے لیموں کا رس اور تیل ایک حصہ ملا کر اچھی طرح سے سر کی مالش کریں اور ایک گھنٹے کے بعد سر دھو لیں۔ خشک بالوں کو صابن سے دھونے سے گریز کریں۔

گرتے بالوں کی روک تھام کے لئے چند حفاظتی اقدامات ضروری ہیں جیسے کہ ہلکے شیمپو کا استعمال' بالوں کو رگڑنے سے گریز' ہیئر ڈرائیر کا کم استعمال' متوازن غذا کا استعمال' بھرپور نیند' بالوں کی تیز دھوپ اور سخت سردی سے حفاظت اور بال دھونے کے لئے نیم گرم یا ٹھنڈے پانی کا استعمال۔ بال سلجھانے کے 5 منٹ بعد تک کنگھی کریں' اس سے جلد میں دوران خون تیز ہوتا ہے' بالوں میں چمک پیدا ہوتی ہے اور بال مضبوط ہوتے ہیں۔ بال ڈھیلے باندھیں تاکہ ہوا اور دھوپ آسانی سے سر کی جلد تک پہنچ سکے' دن میں کم از کم 2 مرتبہ کنگھی کریں' کھانا کھانے کے بعد بالوں میں کنگھی کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ کنگھی کا انتخاب کرتے وقت انتہائی احتیاط سے کام لیں کیوں کہ سخت دندانے والی کنگھی بالوں کی جڑیں متاثر کرتی ہے' ٹوٹے ہوئے دندانوں کی کنگھی کبھی نہ استعمال کیجئے۔ دوسرے کی استعمال شدہ کنگھی استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔ سر دھونے کے لئے ٹھنڈا پانی استعمال کریں' البتہ سردی کے موسم میں ہلکے گرم پانی سے سر دھوئیں' تیز گرم پانی سے کبھی سر نہ دھوئیں' اس سے سر میں خشکی پیدا ہوتی ہے۔ بالوں کی جڑیں کمزور ہونے کی وجہ سے بال گرنے لگتے ہیں۔ نہانے سے پہلے بالوں میں تیل لگا لیں' اس سے بالوں کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ بازاری خوشبودار تیلوں کے بجائے نارئیل یا سرسوں کا خالص تیل استعمال کریں۔ کبھی کبھی نیم گرم پانی میں تھوڑا سا سرکہ اور لیموں کا عرق ملا کر اس سے سر دھوئیں۔ ■



مصالحہ ٹپس

☆انڈوں کو محفوظ رکھنا ہے تو انڈوں کو پسے ہوئے نمک میں ملا کر رکھ دیجئے۔ اس طرح انڈے زیادہ دنوں تک خراب نہیں ہوں گے۔ علاوہ ازیں گرم پگھلے ہوئے موم میں انڈوں کو ڈبو کر نکال لیجئے پھر سرد جگہ پر محفوظ رکھئے تو انڈے کئی ماہ تک خراب نہیں ہوں گے۔

☆پکانے کے دوران بعض اوقات آلو بالکل نرم ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں۔ اس عمل سے بچنے کے لئے آلوؤں کو چھیل کر درمیان سے کاٹیں اور نمک لگا کر رکھ دیں' تقریباً 15 منٹ بعد ان کو دھو کر دیگچی میں ڈال دیں۔

☆پیاز کاٹتے وقت آنکھوں سے پانی جاری ہو جاتا ہے کیونکہ پیاز میں ایک قسم کا تیزاب پایا جاتا ہے۔ اس سے بچنے کے لئے پیاز کے چھلکے اتاریں اور اس کے 2 ٹکڑے کاٹ کر تھوڑی دیر پانی میں بھگو دیجئے' اس کے بعد پیاز کاٹیں تو کاٹتے وقت آنکھوں سے پانی جاری نہیں ہوگا۔

☆اگر مرچیں پیسنے یا ہری مرچیں کاٹنے سے ہاتھوں میں جلن پیدا ہو جاتی ہے تو تھوڑا سا تیل پانی میں ملا کر اس پانی سے ہاتھوں کو دھو ڈالیں' جلن دُور ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں تھوڑے سے پانی میں تھوڑا سا گڑ ملائیں اور اس پانی کو اپنے ہاتھوں پر ملیں۔ اس سے بھی جلن کا احساس جاتا رہے گا۔

☆اگر آپ کو شک ہو جائے کہ کھانے میں کوئی زہریلی چیز پڑ گئی ہے تو چمچے میں تھوڑا سا پکا ہوا کھانا لے کر اسے آگ میں ڈال دیجئے۔ اگر نیلے رنگ کے شعلے نکلیں تو سمجھ لیجئے کہ کھانا زہریلا ہو گیا ہے۔

☆لیموں سے زیادہ رس حاصل کرنے کے لئے انہیں تھوڑی دیر کے لئے گرم پانی میں ڈبو لیں' پھر کاٹ کر نچوڑیں تو زیادہ رس نکلے گا۔

☆کھانے کی جن چیزوں سے خمیر اٹھ سکتا ہے انہیں اُونچی جگہ پر نہ رکھئے۔ اس طرح خمیر جلد پیدا نہیں ہوتا۔

☆اچار خراب ہو رہا ہو یا خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو اس میں لیموں کا رس یا سرکہ چھوڑیں اور مہینوں تک اچار کھائیں۔

☆ٹماٹروں کے سرے پر تھوڑا سا موم لگا دیجئے' اس عمل سے ٹماٹر کئی دنوں تک تازہ حالت میں رہیں گے۔ اس کے علاوہ پانی میں نمک گھول کر ٹماٹر اس میں ڈال دیں' اس سے بھی ٹماٹر کافی دنوں تک تازہ اور سخت رہیں گے۔

☆مچھلی کی بدبو دُور کرنے کے لئے مچھلی کے ٹکڑوں کو لیموں کے عرق سے رگڑ کر دھوئیں۔

☆دہی کو اگر جلدی جمانا مقصود ہو تو دودھ میں ذرا سا ٹارٹرک ایسڈ ڈال دیجئے۔ دہی بہت جلد جم جائے گا۔






وہمی ہے دنیا ساری!

مشرق ہو یا مغرب، ہر جگہ توہمات پائے جاتے ہیں

نیر رباب

یہ بات پورے یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ دنیا بھر میں کسی سے بھی پوچھیں کہ جناب کیا آپ کے گھرانے میں بھی کوئی ایسی رسم ہے جس کو سب آنکھ بند کر کے مانتے ہیں اور اس کا ہونا اچھائی یا برائی میں لیا جاتا ہے تو ہر ایک کا جواب ہاں میں ہوگا۔ اس لئے اس بات کو بھی آسانی سے تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ "وہمی ہے دنیا ساری" اور اس وہم کا شکار صرف ہم پاکستانی یا ایشیائی ہی نہیں ہیں بلکہ امریکہ اور یورپ میں بھی ہم جیسا ہی حال ہے تو پھر چلتے ہیں دنیا کی سیر کو اور دیکھتے ہیں کہ کون کہاں کس وہم کا شکار ہے اور توہم پرستی میں کس نے کیا پیچھے چھوڑ دیا ہے کس کو!!!!

آج کل پاکستان میں ہم سب ہی بارش کی دعائیں مانگ رہے ہیں۔ بادل آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر برسات میں کتا مسلسل گھاس کھاتا رہے تو اس کا مطلب بہت سے لوگ یہ لیتے ہیں کہ بارش ہونے والی ہے۔ اس سلسلے میں مزید بات یہ ہے کہ اگر پالتو کتا گھاس کھا رہا ہے اور اس کا مالک یہ نہیں چاہتا کہ بارش ہو تو مالک اسے گھاس کھانے سے منع کرتا ہے اور اس کی توجہ کسی اور جانب لگانے کی کوشش کرتا ہے۔ اب ہم یہی کہہ سکتے ہیں کہ جن کے گھروں میں موجود ہیں پالتو کتے وہ انہیں گھاس کھلانا شروع کر دیں تو شاید کراچی میں بھی بارش ہو جائے۔



انگریزوں کا مشہور تہوار ہے کرسمس اور اس دن انگریز اپنے بال ضرور کٹواتے ہیں بچی ہوجاتی ہے نائیوں کی چاندی کیونکہ ان کے مطابق اس دن بال کاٹنے سے سارا سال سر میں درد نہیں ہوتا واہ بھئی اسے کہتے ہیں سال بھر کا کم قیمت علاج!

بری نظر ایک ایسی چیز ہے جس پر سب یقین کرتے ہیں دنیا کا کوئی ملک ہو یا کوئی ثقافت اس میں بری نظر کسی نہ کسی روپ میں ہے اور اس کا توڑ بھی سب جانتے ہیں اور عمل کرتے ہیں ہمارے یہاں اگر کوئی اچھا لگ رہا ہو تو نظر لگ جاتی ہے کسی کی پروموشن ہوئی تو نظر لگ گئی اور اس کے توڑ کے لئے کئی طریقے بھی استعمال ہوتے ہیں جیسے سات ثابت سرخ مرچیں سات دانے کھا کر جلانا، سفید کپڑے سے نظر اتارنا، مرچیں یا کپڑا جلتے پر چیز کا نہ آنا اس بات کی نشانی ہے کہ نظر لگی تھی، ایران میں انڈے سے نظر اتاری جاتی ہے وہاں پر انڈے کو سیدھا پکڑ کر دیا جاتا ہے اور ہر بار کسی ایک شخص کا نام لیا جاتا ہے جس شخص کے نام پر انڈا ٹوٹ جائے مان لیا جاتا ہے کہ اسی نے نظر لگائی ہے، ترکی میں آنکھ والی شخص سے دروازے، بچے کو لیا جاتا ہے، انگریز تو اپنے گھر کے دروازے پر بری گھوڑے کی نال لگا دیتے ہیں تاکہ بڑا گھر بری نظر سے بچا رہے۔ روس کے لوگ ہزاروں سال سے بری نظر سے بچنے کے لئے بائیں جانب مڑ کر کے تین بار تھوکتے ہیں اور تین بار کسی لکڑی کی چیز کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ ایسا کرتے تو پاکستان میں بھی لوگ نظر آتے ہیں۔ ہمارے پڑوسی ملک ترکی میں بھی نظر بد کا عقیدہ بہت مضبوط ہے وہاں پر نظر بوچک (nazar boncuk) ہر گھر، دفتر، گاڑی میں لٹکا ہوا نظر آتا ہے۔ ترکی میں آنے والے سیاح بھی اپنے ساتھ نظر بوچک لے کر جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اٹلی اور امریکہ میں بری نظر سے بچنے کے لئے ایک چھوٹا سا سینگ کا مکسہ بنا کر پہنا جاتا ہے جسے کورنو (corno) کہتے ہیں۔

ہر گھر کی رونق ہوتے ہیں بھولے بچے، بھولے بچوں کے بارے میں بھی ادھر سے یہاں عجیب عجیب توہمات اور رسمیں پائی جاتی ہیں مثلاً بچے کے جنے کے بعد کچھ دن رکھا جائے تو بچہ غیظ میں نہیں آتا۔ پیدائش کے وقت بچے کو دادا، نانی یا نانا کے پرانے کپڑوں پہنائے جائیں تو بچے کی عمر بھی لمبی ہوتی ہے، بلوچستان میں لوگوں کا ماننا ہے کہ پیدائش کے وقت بچے کو پرانے کپڑوں میں لپیٹا جائے تو اس کی قسمت زیادہ اچھی ہوجاتی ہے۔ انگلینڈ کے مارچ بارک شائر میں یہ رسم آج بھی ہے کہ جب بچے کو پہلی بار دیکھنے جائیں تو اس کے ہاتھ میں ایک چاندی کا سکہ ضرور رکھیں۔ برطانیہ میں مانا جاتا ہے کہ جب اسپتال سے بچے کو لے کر آئیں تو بچے کو گھر کے تین چکر ضرور لگوائیں اس طرح بچے کے پیٹ میں درد نہیں ہوتا۔ اسی برطانیہ میں بزرگ ہوں یا نوجوان ان کا یہ بھی ماننا ہے کہ بچے کو دانت نکلنے میں تکلیف ہو تو ماں کو چاہیے کہ اپنی شادی کی سونے کی انگوٹھی آہستہ آہستہ بچے کے مسوڑھوں پر ملے اس طرح تکلیف کم ہو جاتی ہے۔

جب بات چلی ہے گھر کی رونق کی تو پھر کیوں نہ کچھ گھر کی باتیں بھی ہوجائیں۔ پاکستان ہو یا امریکہ اپنے گھر کے معاملے میں سب ہی حساس ہوتے ہیں اور سب ہی یہ چاہتے ہیں کہ ان کا گھر خوشی اور خوشحالی کی تصویر بنا رہے۔ اسی لئے پاکستان میں جب گھر کی بنیادیں کھودی جاتی ہیں تو قربانی کی جاتی ہے اور بکرے کا خون بہا جاتا ہے تاکہ گھر میں مرنے کا خون بہا جاتا ہے اور پھر بکرے کی دال دیگ جاتی ہے کہ گھر میں ہمیشہ خوشحالی رہے۔ اسی طرح امریکہ میں جب نئے گھر میں جاتے ہیں تو پہلے گھر میں تھوڑا تھوڑا نمک چھڑکتے ہیں تاکہ گھر بروں سے محفوظ رہے، ڈرائنگ روم میں سکے بکھیرتے ہیں کہ گھر دولت سے بھرا رہے اور پہلی بار داخل ہوتے وقت چاول لے کر داخل ہوتے ہیں تاکہ گھر میں کبھی کوئی بھوکا نہ رہے۔ انڈیا میں بھی جب کوئی گھر خالی کرتا ہے تو اس میں تھوڑے چاول، نمک اور ماچس چھوڑ جاتا ہے تاکہ خالی رہنے کے دوران بدروحیں گھر پر قبضہ نہ کرلیں۔ برطانیہ میں بھی یہی مانا جاتا ہے کہ نئے گھر میں نئی جھاڑو خریدی جائے اور پرانی جھاڑو پرانے گھر میں چھوڑ دی جائے۔ انڈیا اور پاکستان میں اس بات کا بہت خیال رکھا جاتا ہے کہ جب کسی کے گھر میں داخل ہوں تو پہلے سیدھا پاؤں اندر رکھو اور پھر الٹا۔ اس طرح داخل ہونے سے خیر و برکت میں اضافہ ہوتا ہے۔

یہ دنیا جتنی رنگین اور حسین ہے اتنے ہی رنگین اور معصوم توہمات اور عقیدوں سے بھی بھری ہوئی ہے۔ یہ توہمات معصوم ہوں تو روشنی بکھیرتے ہیں اور نہ ہوں تو خطرناک رسم و رواج کی شکل اختیار کرلیتے ہیں لیکن دنیا کو دیکھ کر پتہ چلا کہ ہم کتنا بھی پڑھ لکھ جائیں کتنے ماڈرن ہوجائیں یہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہمارے ساتھ ساتھ چلتی ہیں اور نسل در نسل منتقل ہوتی ہیں اور کوئی بھی کسی ایسے عقیدے کی مخالفت کے حوالے سے جاننے کی کوشش بھی نہیں کرتا جس کا کرنا کسی سال کی بدقسمتی یا نقصان کی وجہ بن سکتا ہو تو بھلائی اسی میں ہے دنیا ساری۔ اس لئے عمر عمر کی وہم کہانیاں چلتی رہیں گی اور ہم آپ کو بتاتے رہیں گے کہ کس کس طرح سے وہمی ہے دنیا ساری! ■



ROBAM

Introducing the Most Exquisite Technology in Kitchen Appliances

PREMIER SERIES

| HOOD | HOB | OVEN | MICROWAVE OVEN |
| STEAM OVEN | STERILIZER |

6 Brand Honors - Top Leading Technologies

Non-disassembly and wash free · Dual Core Absorber · A++ · 360° · M-Heating Pipe · Diamond Liner Effect · 360 Degree Disinfection · Centralizedly Main Pipes

ROBAM - PAKISTAN

Off. No. 78, 3rd Floor, Mega Tower, Main Boulevard, Gulberg, Lahore-Pakistan.
Ph. 042-35777612-4 **Fax.** 042-3539345 **Email:** feedback@robampakistan.com **Website:** www.robamglobal.com



ٹوٹکے



تلی ہوئی پیاز فریز کرنے کے لئے

اگر تلی ہوئی پیاز کو محفوظ کرنا ہے تو پہلے پیاز کو کاٹیں' ٹھنڈے تیل میں پیاز ڈالیں اور اسٹیل کے چمچے سے چلاتے ہوئے سنہری کریں۔ اسے اخبار پر پھیلائیں اور ایک چٹکی نمک چھڑک دیں۔ اسے ہاتھ سے چورا کر کے اسے ڈیپ فریزر میں رکھ لیں۔



تھکن بھگانے کے لئے

اگر تھکن سوار ہو رہی ہو تو ½ بالٹی پانی میں ایک چائے کا چمچہ ہلدی ملا کر جسم کو دھو لیں۔ اس کے بعد ایک مگ میں پانی لے کر تھوڑا سا ایو ڈی کلون ملا کر جسم پر ڈال لیں' ساری تھکن بھاگ جائے گی۔



خستہ کباب بنانے کے لئے

اگر کباب خستہ بنانے ہیں تو اس میں پکاتے وقت پیاز نہ ڈالیں بلکہ مصالحے میں باریک کٹی ہوئی پیاز شامل کریں۔ اس میں تھوڑا سا چاول کا آٹا اور ایک کھانے کا چمچہ دہی ملا کر ٹکیاں بنائیں۔ کباب انتہائی مزیدار اور خستہ بنیں گے۔



انڈے سے تلی چیزوں کے لئے

انڈے کو جب بھی پھینٹیں اس میں ایک چائے کا چمچہ دودھ اور ½ چائے کا چمچہ بیسن شامل کریں۔ اس انڈے میں لپیٹ کر تلنے والی چیزیں ایک کی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اور انڈہ بھی محفوظ رہے گا۔



تیزابیت سے نجات کے لئے

ناشتے سے پہلے ایک کھانے کے چمچ پانی میں ایک چنے کی دال کے برابر گڑ کا ٹکڑا ڈالیں۔ اسے چولہے پر رکھیں' جیسے ہی گڑ پگھلے اس میں گڑ کے مساوی اورک ڈال کر چولہے سے ہٹا لیں۔ اسے ٹھنڈا کریں اور صبح ناشتے سے پہلے اور رات سونے سے قبل استعمال کریں۔ چند ہی دنوں کے استعمال سے تیزابیت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ اسپغول کی بھوسی کا استعمال بھی جاری رکھیں۔



مٹر کے دانے محفوظ کرنے کے لئے

5 کلو مٹر کے دانے چھیل لیں۔ ایک دیگچی میں پانی ابالیں' اس میں مٹر' ایک چائے کا چمچ سرکہ اور ایک چائے کا چمچ چینی ڈال کر مٹر کو تھوڑا چھان لیں اور اسے تھیلی میں بھر کر رکھ لیں۔ اس انداز میں محفوظ کئے گئے مٹر 6 مہینے تک تازہ محسوس ہوں گے۔

WORLD'S LEADING BRAND
NOW IN PAKISTAN

YBARRA
OLIVE OIL
SINCE 1842

A COMPLETE RANGE OF
EXTRA LIGHT, EXTRA VIRGIN
OLIVE MASSAGE OIL, OLIVE HAIR OIL, OLIVE BABY OIL,
OLIVE POMACE OIL



YBARRA
OLIVE OIL
Since 1842

A PRESENT FOR
YOUR HEALTH

Good cooks, deserve great oil!

Ybarra Olive Oil has been carefully created to please both, the tongue and the heart! It contains large number of MUFA which helps in better blood circulation, boosts HDL cholesterol levels and reduces the risk of heart attacks considerably! With Ybarra, you will never have to compromise on good taste to ensure great health!

HEALTH BENEFITS

- Heart Healthy
- Anti Skin Aging
- Good for the Eyes
- Control Diabetes
- Prevents Cancer
- Enhances Digestion
- Control Blood Pressure
- Control Liver Activity
- Minimizes Clots
- Restricts Stone Formation

BRC FOOD CERTIFICATED
international food standard IFS
MADE IN SPAIN PRODUCT
Used in more than 80 countries

www.ybarra.es
grupoybarraalimentacion


For Corporate Enquiries
Mazhar Ali Awan
Assistant Manager (Marketing & Key Accounts)
House No. 50, Street No. 101, G-13/1, Islamabad
Ph: 051-8317039, Fax: 051-8317049, Cell: 0345-8560508

PEL Built-in Stabilizer

Hoti phirey bijli upar neechey...

Refrigerator ko rakhay 130 sey 270 volts tak ki fluctuation aur short circuit se mehfooz





HUMIDITY CONTROLLER
Specially designed to control the humidity level in Crisper/vegetable box.



DOUBLE-SIDED ROLL BOND EVAPORATOR
Specially designed to work in Pakistani temperatures up to 55°C



ENERGY EFFICIENT Runs at most economical mode with maximum efficiency. 10% more efficient than other refrigerators

PEL

Change your life



CRISPO – FRESHER TRAY Specially designed tray holds more moisture to keep fruits and vegetables fresh for longer




Ag+ BACTERIA BUSTER Emits silver ions that reduce bacteria growth



THICKER DOOR INSULATION Retains cooling for optimal performance

Pak Elektron Limited Toll Free: 0800-00-735 (PEL), www.pel.com.pk | www.facebook.com/pel


Stillman's®
SKIN BLEACH CREAM
Get Noticed!
Stillman's
SKIN BLEACH CREAM
WHITENS THE SKIN
Stillman's
SKIN BLEACH CREAM
WHITENS THE SKIN
اِسٹلمینز اِسکن بلیچ کریم
کا باقاعدہ استعمال آپ کی جلد کو نکھار کر
اسے گورا اور خوبصورت بنائے۔
اب آپ جہاں بھی جائیں، ہر ایک کی نظر آپ پر جائے
www.stillmans.com
/Stillmans-Beauty-Pakistan
Contact us on
0800-00700
نقل سے ہوشیار: اسٹلمینز کے ایک کو بکا سادائیں اور بائیں موڑنے پر ہولوگرام میں رنگ بدلتی مسکراتی تصویر
اور اسٹلمینز رجسٹرڈ ٹریڈ مارک اصلی اسٹلمینز کی پہچان ہے۔ اسٹلمینز ہمیشہ اپنے قابل اعتماد دوکاندار سے خریدیں۔